ہے یقین میکوں کھنڈسے ہدایت ہر پاسے
ہر شہر وچ
سوجھلا رب دی مخلوق کوں سیدھے رستے
گھن امسے
تے کھنڈن کنوں بچا گھنسے او ہر ہک قوم کوں
جنگ، جو انہاں نال کریسے او یقیناً
تھک تے پُٹھی ڈے بھج ویسے
ہا مگر جیرھا وی ایندی پیروی کرݨ وچ
اپݨی جان کھپا ڈتی
او کامیاب لوکیں وچ ہوسے
ہن تمنا ہے کہ میں، اے کاش
زندہ رہ ونجاں اوں ویلھے تئیں
جڈاں میڈیاں ڈسائیں ڳالھیں دا

ہر ایک منظر ہو نمایاں اور روشن
میں رہوں زندہ تو دیکھوں
وہ ظہورِ دینِ حق آنکھوں سے اپنی
اور بنوں سب سے زیادہ حصہ دار
اس دیں میں داخل ہونے والے
مؤمنوں کا!
ہو کراہت جس سے مشرک قرشیوں کو!
بس وہی شئے (اور وہی پیغام) میری سربلندی کا ہو ضامن
ہے یہی اُمید رب سے!
(ہاں سنو! اُم القریٰ کے مشرکوں کو)
اب بڑی ذلت ملے گی!
اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگی
گراوٹ اور ذلت...... بدنصیبوں کی؟
کہ وہ اُن ﷺ کی ہی عظمت کے ہوں منکر
جنہیں رب نے زمیں تا آسماں
اونچے ہی برجوں کے لیے
پیدا کیا ہے؟
کہ جو (ﷺ) اعلیٰ مَناصِب کے لیے ہی مُنْتَخَب ہیں
انہی ﷺ کی عظمتوں کے ہو کے منکر
(عداوت پر اُتر آئیں وہ ان ﷺ کی)
رہیں وہ بھی یہیں، اور میں بھی پالوں وہ زمانہ
تو پھر (واللہ!) وہ بھی دیکھ لیں گے
یہ سارے واقعات (آنکھوں سے اپنی)
وہ سب آہ و بکا مل کر کریں گے!

ہر ہک منظر ہووے سامݨے تے روشن
میں رَہاں زندہ تاں ڈیکھاں
اُو ظہورِ دینِ حق اَکھیں نال اپݨی
تے بݨاں سب کنوں زیادہ حصّے دار
ایں دین وچ داخل تھیوݨ آلیں
مومنیں دا
ہووے نفرت جیں کنوں مشرک قرشیں کوں
بس اُوہا شئے (تے اوہو پیغام) میڈی سربلندی دا ضامن
ہے اِیہا امید رب کنوں
(ہاں سݨو، اُم القریٰ دے مشرکیں کوں)
ہن وڈی ذلت ملسے
ایں کنوں ودھ تے بیا کیا ہوسی
ڈھونجݨ تے ذلت..... بدنصیبیں دی؟
کہ اُو آپ ﷺ دی ہی عظمت دے ہوون منکر
جینکوں رب نے زمین تا آسمان
اُوچے ہی برجیں واسطے
پیدا کیتا ہے؟
کہ جو (ﷺ) اعلیٰ مناصب واسطے ہی چُݨے ہن
اُوندی ﷺ ہی عظمتیں دے تھی تے منکر
(دشمنی تے لہہ آون او آپ ﷺ دی)
رَہون اووی اِتھاں، تے میں وی ڈیکھ گھناں او زمانہ
تاں وَل (واللہ) اووی ڈیکھ گھنسن
اے سارے واقعات (اکھیں نال اپݨی)
او سبھے دھاڑاں پٹکے مِل تے کریسن

اگر مر جاؤں میں، اس دن سے پہلے!
تو یہ خوش خُلق و باہمت جواں مردِ (رَجائی)!
قضا کے اور قدَر کے فیصلوں پر
اُٹھایا جائے گا اک دن جہاں سے
یہاں سے بالیقیں جانا ہی ہوگا!!!

﴿☆☆☆﴾

اگر مر ونجاں میں، ایں ڈیہنہ کنوں پہلے
تاں ایہ خوش خلق و باہمت جوان مرد (رَجائی)
قضا، دے تے قدرت دے فیصلیں تے
اُٹھایا ویسے ہک ڈیہنہ جہان کنوں
اِتھوں بے شک ٹوٹا پسے

﴿☆☆☆﴾

(سفرِ شام سے واپسی کے بعد جب حضرت خدیجہؓ (ام المؤمنینؓ) نے اپنے غلام میسرہ کی زبانی آپ ﷺ کے اوصاف اور بُحَیْرہ و نسطورا (راہبوں) کی باتیں سنیں تو ورقہ بن نوفل سے آپ ﷺ کا ذکر کیا۔ بزرگ ورقہ الٰہیات کے بہت بڑے عالم تھے اور مذہباً عیسائی۔ ورقہ نے اس موقع پر وہ مشہور قصیدہ کہا جسے بعض سیرۃ نگاروں نے وحیِ اُوْلیٰ کے واقعہ سے منسوب کیا ہے۔ (وحیِ اولیٰ سے) یہ انتساب درست نہیں۔ (ارشاد شاکر اعوان، عہدِ رسالت میں نعت، مجلسِ ترقیِ ادب، لاہور، طبعِ اول جنوری ۱۹۹۳ء، ص ۳۸)
☆عزیز احسن

نعتیہ قصیدہ

(شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے عربی نعتیہ قصیدے کے منتخب اشعار کا آزاد ترجمہ)

۱۔ شبِ تاریک میں تارے چمکتے
ایسے لگتے ہیں
کہ جیسے اژدہے کی (دونوں) آنکھیں ہوں
(اگر کچھ اور سمجھیں ہم تو کہہ دیں) بچھوؤں کے سر

۲۔ مصیبت میں کسی کا دل (غموں) سے
بیٹھ جائے تو وہ صحراؤں، بیابانوں
(کی وسعت میں بھی رستے)
تنگ پاتا ہے

۳۔ مجھے (بھی) پے بہ پے آ کر مصائب نے
ہر اک راحت، ہر اک آرام سے (اکثر) جدا رکھا

۴۔ دبوچا آ کے جب مجھ کو کسی افتاد نے، ہر سمت سے

۵۔ تو میں نے دوڑائی نظر
تا، دیکھ پاؤں، کوئی بھی ایسا معاون
جس کے دامن میں پنہ☆ لے کر مآلِ خوف سے
بچ کر نکل جاؤں!

۶۔ تو کوئی بھی نظر آیا نہیں مجھ کو
مگر محبوبِ رَبّ العالمیں یعنی محمد مصطفیٰ ﷺ
جو برگزیدہ (اور پاکیزہ تریں) اوصاف رکھتے ہیں!
جو رَبّ کے (آخری) پیغامبر بھی ہیں!

نعتیہ قصیدہ

(شاہ ولی اللہ دہلویؒ دے عربی قصیدے دے منتخب شعریں دا آزاد ترجمہ)

۱۔ اندھیری رات وچ تارے چمکدے
اتھے لگدن ہن
کہ جیویں اژدہے دیاں (ڈوہیں) اکھیں ہوون
(اگر کجھ بیا سمجھواساں تاں آکھ ڈیواں) وِچھوں دے سر

۲۔ مصیبت وچ کہیں دا دل (غمیں) کنوں
بہہ ونجے تاں اُو صحراویں، بیابانیں
(دی وسعت وچ وی رستے)
تنگ پیندا ہے

۳۔ میکوں (وی) ہک بے دے اُتوں آتے پریشانیاں نے
ہر ہک راحت، ہر ہک آرام کنوں (اکثر) پرے رکھیا

۴۔ پکڑیا آتے جڈاں میکوں کہیں مشکل نے ہر پاسوں

۵۔ تاں میں وی بھنوائی نظر
تاں، ڈیکھ سگاں کوئی وی اتھجا مددگار
جیندی جھولی وچ پناہ گھن کراہیں خوف کنوں
بچ تے نکل ونجاں

۶۔ تاں کوئی وی نظر آیا نہیں میکوں
مگر محبوبِ رَبِّ العالمیں یعنی محمد مصطفیٰ ﷺ
جو برگزیدہ (تے پاکیزہ ترین) اوصاف رکھدے ہن
جو رَبّ دے (آخری) پیغمبر وی ہن

۷۔ جو مشکل وقت میں
آفت رسیدوں کی خبر گیری بھی کرتے ہیں
(گناہوں سے اگر) توبہ کرے کوئی تو، گھر ان کا ہی
اِک شاداب گلشن، مغفرت کا ہے

۸۔ وہ دن، پُر ہَوْل دن (ہاں) جس کی دہشت سے
سفید ہو جائیں گے موئے سیہ فوراً
وہی ملجا و ماویٰ ہوں گے ان کا،
خوف سے جو کانپتے ہوں گے!

۹۔ وہ دن جب آئے گا!
سارے بنی آدمؑ
جنابِ نوحؑ سے، موسیٰؑ سے، اور آدمؑ سے چاہیں گے مدد
(لیکن وہ سارے انبیاء خود) ابتلا کی ساعتوں سے
لرزہ (براندام)
ہی ہوں گے!

۱۰۔ (یقیناً) ایسے موقعے پر رسول اللہ ﷺ ہی
خود اپنے رَبّ سے ملتجی ہوں گے
(گنہگاروں کی وہ اس سخت گھاٹی میں)
شفاعت بھی کریں گے
بخششوں کے در بھی (بے شک) وا کرا دیں گے!

۱۱۔ وہاں سے آپ پھر مسرور لوٹیں گے!
انہیں رحمٰن پھر اعلیٰ مراتب سے نوازے گا!

۱۲۔ (محمد مصطفیٰ ﷺ بے شک ہیں ایسے) خانوادے سے
کہ اسمٰعیلؑ جس کے (جدِ امجد ہیں)!
اثر (اخلاف پر) ہوتا ہے اکثر خاندانوں کا!

۷۔ جو مشکل وقت وچ
آفت دے ماریں دی خبر وی آن گھندے ہن
(گناہیں توں اگر) توبہ کرے کوئی تاں، گھر اونداہی
ہک شاداب گلشن مغفرت دا ہے

۸۔ اُوڈیہنہ پُر ہول ڈیہنہ (ہا) جیندی دہشت کنوں
چٹے تھی ویسن منہ کالے فوراً
اوہو ملجا و ماویٰ ہوسے اُونہاں دا،
خوف کنوں جو اُتھاں کنبدے ہوسن

۹۔ اوڈیہاڑا جڈاں امسے
سارے بنی آدمؑ
جنابِ نوحؑ کنوں، موسیٰؑ کنوں، تے آدمؑ کنوں چاہسن مدد
(لیکن او سارے انبیاء خود) آزمائش دی گھڑی کنوں
لرزدے (خوف زدہ)
ہی ہوسن

۱۰۔ (یقیناً) اتھے موقعے تے رسول اللہ ﷺ ہی
خود اپٹے رب کنوں دعا منگسن
(گنہگاریں دی اُوں ایں سخت گھاٹی وچ)
شفاعت وی کریسن
بخششیں دے در وی (بے شک) کھلوا ڈیسن

۱۱۔ اُتھاہوں آپ ﷺ وَل خوش تھی تے وَل امسن
اُونہاں کوں رحمٰن ول اعلیٰ مراتب سے نوازے گا

۱۲۔ (محمد مصطفیٰ ﷺ بے شک ہن اتھے) خاندان کنوں
کہ اسمٰعیلؑ جیں دے (جدِ امجد ہن)
اثر (اولاد تے) ہوندا ہے اکثر خاندانیں دا

(نبی) فرزند ہیں ایسے گھرانے کے
کہ جو اشراف میں (سب سے نمایاں ہے)
لوئی غالب کی نسلِ پاک سے ہیں یہ!

۱۳۔ (رسولِ پاک ﷺ ہی تو ہیں) بشارت جن کے آنے کی
جنابِ ابنِ مریمؑ نے،
بڑی واضح علامت کے حوالے سے سنا دی تھی!
(وہ کہتے تھے، رسول اب ایسا آئے گا جو) اس درجہ بہادر
(اور نڈر) ہوگا!
کہ وقتِ جنگ بھی میدان میں شاداں و فرحاں
(وہ جری) ہوگا!

۱۴۔ (کتاب اللہ نے جن کی طبیعت کی متانت کی
زمانے کو خبر دی تھی)!

مزاج ان کا درشتی سے مُبَرَّا ہے
وہ بازاروں میں ہرگز چیخنے والے نہیں ہیں
(وہ مہذب ہیں)!

۱۵۔ وہی ہیں یہ نبی ﷺ بے شک
کہ جن کے جگ میں آنے کے لیے
تعمیرِ کعبہ کی گھڑی (رب سے)
خلیل اللہ (علیہ السلام) نے بھی التجا کی تھی، دعا کی تھی
وہ کعبہ جس میں ہوتی ہیں مرادیں (خلق کی) پوری

۱۶۔ (نبی ﷺ) خوش رو (ہیں) گورا رنگ ہے قد بھی میانہ ہے
گھنے ابرو ہیں (ان کے) اور چوڑے (ان کے)
شانے ہیں!

(نبی ﷺ) فرزند ہن اتھے گھرانے دے
بھلے مانس وچ (سب کنوں نمایاں ہن)
قبیلہ غالب دی نسلِ پاک کنوں ہن ایہ

۱۳۔ (رسولِ پاک ﷺ ہی تاں ہن) بشارت جیں دے آوݨ دی
جنابِ اِبن مریم نے،
وڈی واضح علامت دے حوالے نال سݨا ڈتی ہئی
(او اکھیندے ہن، رسول ﷺ ہن اتھا امسے جو)
ایں درجہ بہادر (تے دلیر) ہوسے
کہ وقتِ جنگ وی میدان وچ شاداں و فرحاں
(تے جرات مند) ہوسے

۱۴۔ (کتاب اللہ نے جیندی طبیعت تے امانت دی
زمانے کوں خبر ڈتی)

مزاج اوندا درشتی کنوں مُبَرَّا ہے
اُو بازاریں وچ ہرگز شور مچاوݨ والے نہیں ہن
(او مہذب ہن)

۱۵۔ اُو ہو ہن ایہ نبی ﷺ بے شک
کہ جیندے جگ تے آوݨ واسطے
تعمیرِ کعبہ دی گھڑی (رب توں)
خلیل اللہ (علیہ السلام) نے وی التجا کیتی، دعا کیتی
اُو کعبہ جیں وچ ہوندیاں ہن مراداں (خلق دیاں) پوریاں

۱۶۔ (نبی ﷺ) خوش رو (ہن) گورا رنگ ہے قد وی درمیانہ ہے
گھاٹے بھر بھٹے (اوندے) تے چوڑے (اوندے)
مونڈھے ہن

۱۷۔ (بہت) خوش رنگ (ہیں)
چہرے پہ (بھی بے حد) ملاحت ہے
کشادہ چشم ہیں، خندہ جبیں (بھی) ہیں!
فصاحت بھی زباں کی ایسی پائی ہے، کہ جس میں شائبہ بھی کوئی
لکنت کا نہیں ہرگز
بیاں بھی عجز (کے ہر عیب) سے یکسر معرا ہے!

۱۸۔ وہ ہیں اللہ کی مخلوق میں، سیرت میں اور صورت میں کامل بھی
یگانہ فرد بھی وہ ہیں ﷺ
بوقتِ ابتلا وہ ﷺ سب کے (بے اندازہ حامی) ہیں

۱۹۔ سخی بے مثل بھی ہیں
اور دل کے بھی بڑے ہیں
ہاتھ بھی ان کا کھلا ہے اور بخشش پر تُلا بھی ہے

۲۰۔ وہی ﷺ اشراف میں بھی سب سے اعلیٰ (اور افضل) ہیں
جہاں بھی حوصلے درکار ہوں وہ خود ہی بڑھتے ہیں
بڑے باعزم و ہمت ہیں
(مرے سرکار ﷺ) عظمت کے
ہر اک منصب کے لائق ہیں

۲۱۔ جہاں دیکھو کوئی گھمسان کا رَن ہو
بڑی آفت کی ساعت ہو
وہاں آ کر زمانے کے بہادر بھی
(مرے آقا ﷺ) کے دامن میں پناہیں چاہتے ہوں گے

۲۲۔ ستایا قوم نے ان کو
جہالت اور بے عقلی سے

۱۷۔ (وڈے) خوش رنگ ہن
چہرہ تے (وی بے حد) ملاحت ہے
وڈیاں اکھیں ہن، خندہ جبیں (وی) ہن
فصاحت وی زباں دی اتجھی پاتی ہے، کہ جیں وچ شک کوئی
لکنت دا نہیں ہرگز
بیاں وی عجز (دے ہر عیب) کنوں ہمیشاں آزاد ہے

۱۸۔ اُوہن اللہ دی مخلوق وچ، سیرت وچ تے صورت وچ کامل وی
ہن یگانہ فرد وی اوہن
ویلھے مصیبت دے اوسب دے (بے حد حامی) ہن

۱۹۔ سخی بے مثل وی ہن
تے دل دے وی وڈے ہن
ہتھ وی اوندا کھلا ہے تے بخشش تے تُلیا وی ہے

۲۰۔ شریفیں وچ وی سب کنوں اعلیٰ (تے افضل) ہن
جتھاں وی حوصلے چاہیدے ہوون او خود ہی ٹُردے ہن
وڈے باعزم و ہمت ہن
(میڈے سرکار ﷺ) عظمت دے
ہر ہک منصب دے لائق ہن

۲۱۔ جتھاں ڈیکھو کوئی گُٹ مار دا میدان ہووے
وڈی آفت دی گھڑی ہووے
اُتھاں آتے زمانے دے بہادر وی
(میڈے آقا ﷺ) دی جھولی وچ پناہیں منگدے ہوسن

۲۲۔ ستایا قوم نے اونکوں
جہالت تے بے عقلی توں

رستے روک کر دِیں کے

۲۳۔ دعائیں پھر بھی ان کے واسطے (آقا علیہ السلام نے) فرمائیں
ہدایت یاب ہونے کی
اگر چہ ان کے ہاتھوں سختیاں جھیلی تھیں (آقا علیہ السلام) نے

۲۴۔ برا ہو، ایسے لوگوں کا
جو (پیہم) شرک کرتے ہیں
عیوب ان کے بہت ہیں
اور بے حد بدتریں ہیں وہ

۲۵۔ برا ہو، ایسے لوگوں کا
جو رَبّ کے دِین میں تحریف کرتے ہیں
مسائل اپنے دل سے،
صرف اپنے منصبوں ہی کا بھرم رکھنے کو
گھڑتے ہیں

۲۶۔ برا ہو، ایسے لوگوں کا
جو اپنے ہی نبی علیہ السلام کی شان کو
رَبّ سے ملا کر جرم کرتے ہیں
وہی مجرم ثنا خواں، اپنے رَبّ کی شان میں تخفیف کر کے
شانِ احمد علیہ السلام کو بڑھا کر
پیش کرتے ہیں

۲۷۔ برا ہو، ایسے لوگوں کا
جنہیں کسریٰ کے محصولات نے مارا
(کہ جن کی) عقل ان سے چھِن چکی تھی (دین سے پہلے)

۲۸۔ وہ بداعمالیوں ہی کے سبب تھے مستحق
کتنے عذابوں کے

رستے روک تے دیں دے

۲۳۔ دعائیں وَل وی اُونہاں واسطے (آقا علیہ السلام) نے منگیاں
ہدایت یاب ہووݨ دیاں
بھانویں اِنہاں دے ہتھوں سختیاں جھلیاں ہن (آقا علیہ السلام) نے

۲۴۔ بُرا ہووے، اَجھیں لوکیں دا
جو (مسلسل) شرک کریندے ہن
عیوب عِن دے بہوں ہن
تے بے حد بدترین ہن او

۲۵ بُرا ہووے، اَجھیں لوکیں دا
جو رب دے دین کوں ودھ گھٹ کریندے ہن
مسائل اپݨے دل توں
صرف، اپݨے منصب ہی دا بھرم رَکھݨ کوں
گھڑیندے ہن

۲۶۔ بُرا ہووے اَجھیں لوکیں دا
جو اپݨے ہی نبی علیہ السلام دی شان کوں
رب نال مِلا تے جرم کریندے ہن
اُوہے مجرم ثناء خواں، اپݨے رب دی شان کوں گھٹ کر تے
شانِ احمد علیہ السلام کوں ودھا تے
پیش کرڈیندن

۲۷۔ بُرا ہووے اَجھیں لوکیں دا
جہنا کوں کسریٰ دے ٹیکساں نے ماریاں
(جہناندی) عقل اُنہاں توں کھسیج گئی ہی (دین کنوں پہلے)

۲۸۔ اُو بداعمالیں ہی دے سبب ہن مستحق
کتنے عذابیں دے

(مگر سرکارﷺ کے صدقے) انہیں رحمت نے ڈھانپا
اور ان کی دست گیری کی

۲۹۔ (کھلا رحمت کا در اِس طور اُن پر) پھر
کہ (ان کے ساتھ کے) اعلیٰ قبیلے میں
ہوئے مبعوث اِک ایسے نبیﷺ
جو صدق پیکر تھے
کہ جن کی ذات پر
(بعثت کے اس اعلان سے پہلے بھی ان سب کا بھروسہ تھا)
کوئی الزام ان کے سر کبھی ایسا نہ آیا تھا،
کہ ان کی بات میں کچھ
جھوٹ شامل ہو

۳۰۔ گواہی میں بھی دیتا ہوں
کہ رَبّ نے اپنے بندےﷺ کو نرا حق دے کے بھیجا ہے
عمل میں جس کے ریب و شک کی گنجائش نہیں کوئی

۳۱۔ دلیل اس بات کی
ہر عقل والے کے لیے
مضبوط تر یہ ہے
کہ اس دِیں کی شریعت کا جو چشمہ ہے
بڑا اشفاف بھی ہے اور ستھرا بھی

۳۲۔ (نبیﷺ کے خُلق کی) رفعت مُسلّم ہے
اُنہیﷺ کو اُن کے رَبّ نے نعمتیں ساری عطا کر دیں
دلوں کو جوڑنے والی نبوت ان کو بخشی ہے
وہ قوت ان کو بخشی ہے
جو سب (ادیان اور احزاب پر) غالب ہی ٹھہری ہے

(مگر سرکارﷺ دے صدقے) انہاں کوں رحمت نے لکایا تے
انہاں دی مدد کیتی

۲۹۔ (کھلیا رحمت دا در ایں طرحاں اُن تے) وِل کہ
(اُونہاں دے نال دے) اعلیٰ قبیلے وچ
تھئے مبعوث ہِک ایجھے نبیﷺ
جو صدق پیکر ہن
جہناں دی ذات تے
(بعثت دے ایں اعلان توں پہلے وی اِن سب دا بھروسہ ہا)
کوئی الزام اِن دے سر کڈہیں ایجھا نہ آیا ہا،
کہ ایندی ڳالھ وچ کُجھ
کوڑ شامل ہے

۳۰۔ گواہی میں وی ڈیندا ہاں
کہ رَب نے اپنٹے بندےﷺ کوں نرا حق ڈے تے بھیجا ہے
عمل وچ جیندے شک دی گنجائش نہیں کوئی

۳۱۔ دلیل ایں ڳالھ دی
ہر عقل والے واسطے
مضبوط ترا ایہ ہے
کہ ایں دیں دی شریعت دا جو چشمہ ہے
وڈا اشفاف وی تے صاف وی ہے

۳۲۔ (نبیﷺ دے خلق دی) رفعت مُسلّم ہے
انہاں کوں اِن دے رب نے نعمتاں ساریاں عطا کیتیاں
دلیں کوں جوڑنٹے والی نبوت اینکوں بخشی ہے
او قوت اینکوں بخشی ہے
جو سب (دینیں تے گروہ تے) غالب ہی رہیا ہِ

۳۳۔ ملی روشن دلیل ایسی
کہ ان کے قول کی تصدیق ہی ہوتی گئی (پیہم)
ہر اک پیرو جواں نے اس کی (آپس میں) روایت کی

۳۴۔ شِفاء پائی مریضوں نے (محمد ﷺ) کی دعاؤں سے
مریض ایسے کہ جو محروم تھے یکسر غذاؤں سے

۳۵۔ وہ بکری اُمِّ معبد کی
کہ جس کے تھن بھی سوکھے تھے (بہت، جو خود بھی لاغر تھی)
(نبی ﷺ کے دستِ شفقت پھیرنے کا یہ نتیجہ تھا کہ)
دھاریں دودھ کی نکلیں
(اسی لاغر سی بکری نے کیا سیراب پھر سب کو)

۳۶۔ سُراقہ ابنِ جعشم (نے جسارت حد سے بڑھ کر کی)
تو اس کے اسپ کے سم دھنس گئے فی الفور مٹی میں
حدیث اس واقعے کی ہم نے پائی ابن عازب ؓ سے

۳۷۔ ہوا جو ہاتھ بھی میرے نبی ﷺ کے ہاتھ سے مس
وہ مہک اٹھا، (عجب پاکیزہ) خوشبو سے
پھرا جس سر پہ دستِ مہرباں (سردارِ عالم ﷺ کا)
کبھی بھی بال
اس سر پر کوئی ابیض نہیں دیکھا

۳۸۔ محبت سے پکارا اُن ﷺ کو ربّ نے پیارے ناموں سے
کہ جن ناموں سے اوصافِ حمیدہ ہی جھلکتے ہیں
انہی ناموں سے آقا کے مناقب بھی چمکتے ہیں

۳۹۔ جزائے خیر دے اللہ سارے ساتھیوں کو بھی
جو ان کے ساتھ ہر ساعت رہے (اور جاں نثارانِ محمد ﷺ
میں جگہ پائی)

۳۳۔ ملی روشن دلیل اتجھی
کہ ایندے قول دی تصدیق ہی تھیندی گئی (مسلسل)
ہر ہک پیرو جواں نے ایندی (آپس وچ) روایت کی
شِفا پاتی مریضاں نے (محمد ﷺ) دی دعائیں توں
مریض اتجھے کہ جو محروم ریہے اکثر غذائیں توں

۳۵۔ او بکری اُمِّ معبد دی
کہ جیندے تھݨ وی سُوکے ہن (وڈی، جو خود ہی لاغر ہئی)
(نبی ﷺ دے دستِ شفقت پھیرݨ دا ایہ نتیجہ ہا کہ)
دھاراں کھیر دیاں نکلیاں
(او ہا لاغر ہی بکری نے رَجایا وَل سب کوں)

۳۶۔ سُراقہ ابنِ جعشم (نے جسارت حد توں ودھ کیتی)
تاں اوندے گھوڑے دے پیر پھس گئے فی الفور مٹی وچ
حدیث ایں واقعے دی اساں نے پاتی ابن عازب ؓ توں

۳۷۔ تھیا جو ہتھ وی میڈے نبی ﷺ دے ہتھ نال مس
او مہک اُٹھیا (عجب پاکیزہ) خشبو توں
پھریا جیں سر تے دستِ مہرباں (سردارِ عالم دا)
کڈاہیں وال
اُوں سر تے کوئی چِٹا نہیں ڈِٹھا

۳۸۔ محبت نال سڈیا ہے اونکوں رب نے جو پیارے ناویں کنوں
کہ جن ناویں کنوں اوصافِ حمیدہ ہی جھلکدے ہن
اُونہاں ناویں کنوں آقا ﷺ دے مناقب وی چمکدے ہن

۳۹۔ جزائے خیر ڈِے اللہ سارے سنگتیں کوں وی
جو اوندے نال ہر ہک ویلھے ریہے (جاں نثارانِ محمد ﷺ
وچ جگہ پاتی)

۴۰۔ جزائے خیر دے اللہ ان کی آلِ اطہر کو
کہ جن کی عظمتیں (ہر عہد کے لوگوں میں) قائم ہیں
خوارج کو اگر اس بات سے
تکلیف ہو تو ہو!!!

﴿☆☆☆﴾

۴۰۔ جزائے خیر ڈے اللہ اوندی آلِ اطہر کوں
کہ جیں دیاں عظمتاں (ہر عہد دے لوکیں وچ) قائم ہن
خوارج کوں اگر ایں گالھ کنوں
تکلیف ہووے تاں ہووے پئی!!!

﴿☆☆☆﴾

(شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قصیدہ ڈاکٹر عبداللہ عباس ندوی کی کتاب عربی میں نعتیہ کلام سے لیا گیا ہے۔منظوم ترجمہ بھی ڈاکٹر عبداللہ عباس ندوی کے منثور ترجمے کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔شعری ضرورت کے تحت جو اضافے کیے گئے ہیں۔انہیں بریکٹ میں لکھ دیا ہے۔اس کے باوجود اصل قصیدے کا ترجمہ کرنے کی بجائے ترجمانی کی گئی ہے.....عزیز احسن)

(آغاز ۸؍رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ،اور تکمیل ۹؍رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ مطابق ۲۲؍ستمبر ۲۰۰۷ء، بروز ہفتہ)

انتساب

اُس ﷺ سے منسوب کروں
اُس ﷺ کی ہی نذر میں سب گزرانوں
یہ عقیدت کے گلاب اور سمن
جو ہے محبوبِ زمن
جو ہے مطلوبِ چمن
جو نبوت کا اَمیں ٹھہرا تھا
اس گھڑی!
جب کہ ابھی آدمؑ بھی
آب اور گِل سے نہیں گزرا تھا
کل بھی تھیں اس کی طرف......
عشق کی نہریں جاری
آج بھی سیلِ عقیدت ہے اُسی سمت رواں
میں بایں دیدۂ حیراں......اُسی جانب نگراں
میرے ہر جذبۂ الفت کا
وہی سر چشمہ
میرے احساس کی قندیل
اسی سے روشن
وہ شہِ دشت و دمن
وہ شہنشاہِ سخن
جس کے تکلم میں بسی تھی خوشبو
جس کے الفاظ میں تنویرِ رسالت کی جھلک
تا بہ ابد

پوکھا

اوں کنوں منسوب کراں
اوندی ہی نذر وچ سب حیاتی
ایہ عقیدت دے گلاب تے سمن
جو ہے محبوبِ زمن
جو ہے مطلوبِ چمن
جو نبوت دا امیں بڻیا ہا
اوں گھڑی
جڈاں کہ اجݨ آدم وی
آب تے گِل کنوں ناں گزریا ہا
کل وی ہن اوندی طرف،
عشق دیاں نہراں جاری
اج وی عقیدت ہے اُوں پاسے رواں
میں حیرانگی نال اُوں پاسے دھیان کیتا
میڈے ہر جذبۂ الفت دا
او ہو سر چشمہ
میڈے احساس دی شمع
او کنے روشن
او شہِ دشت و دمن
او شہنشاہِ سخن
جیں دے بولݨ وچ رچی ہی خشبو
جیں دے الفاظ وچ تنویرِ رسالت دی جھلک
تا بہ ابد

وہ نظر دیکھ سکے گی جس کو
تابِ نظارگی حسنِ صداقت ہوگی
وہ نظر کتنی قیامت ہوگی!!!
اُس کا پیغام دلوں کی دھڑکن
ازکراں تابہ کراں
اُس کی عقیدت کے نشاں
روشن تر

وہ شہِ جن و بشر
زینتِ شمس وقمر
اُس کی رحمت کا شجر
دھوپ کے دشت میں
ہر شخص کی منزل ٹھہرا
آدمی بن کے جو آیا تو
دریں ارض وسما
بس وہی کامل ٹھہرا
قریۂ جاں میں وہی نورِ شمائل ٹھہرا
زیست کا حاصل ٹھہرا

﴿☆☆☆﴾

او نظر ڈیکھ سگسے جینکوں
حسنِ صداقت ڈیکھݨ دی تاب ہوسی
او نظر کتنی قیامت ہوسی
اوندا پیغام دلیں دی دھڑکن
ازل کنوں لا ابد توڑیں پنہ کینی
اوندی عقیدت دے نشاں
روشن تر

او شہِ جن و بشر
زینتِ شمس وقمر
اوندی رحمت دا ون
دُھپ وچ روہی وچ
ہر شخص دی منزل بݨیا
آدمی بݨ تے جو اتھاں آیا تاں
دریں ارض وسما
بس او ہو کامل بݨیا
ہر ذرّۂ جاں وچ او ہو نورِ شمائل بݨیا
ہر زندگی دا حاصل بݨیا

﴿☆☆☆﴾

ﷺ

جو فہمِ آیۂ اُمّ الکتاب مل جائے
شعورِ مدحِ رسالت مآب ﷺ مل جائے

سوالِ دیدِ رُخِ مصطفےٰ ﷺ ہے آنکھوں میں
کبھی تو خواب میں اِس کا جواب مل جائے!

یہ کشتِ فکر و عمل مدتوں سے سوکھی ہے
اسے نگاہِ کرم کا سحاب مل جائے!

وہ حرفِ مدح جو قرطاس پر لکھوں آقا ﷺ
کبھی تو اس کو بھی طِیبِ گلاب مل جائے!

اِدھر ہو دل میں تمنائے حاضری پیدا
اُدھر سے اذنِ حضوری شتاب مل جائے!

الٰہی اب تو مسلماں کو تیری دنیا میں
شعورِ پیرویٔ آنجناب ﷺ مل جائے!

یہ کارواں کہ جو بے سمت چل پڑا ہے، اسے
نبی ﷺ کے شہر کی راہِ صواب مل جائے!

ﷺ

جو فہمِ آیۂ اُمّ الکتاب مِل ونجے
شعورِ مدحِ رسالت مآب ﷺ مِل ونجے

سوالِ دیدِ رُخِ مصطفیٰ ﷺ ہے اکھیں وچ
کڈیں ہیں تاں خواب وچ ایندا جواب مِل ونجے

ایہ بھوئیں فکر و عمل مدتیں کنوں سُکی ہے
اینکوں نگاہِ کرم دا سحاب مِل ونجے

اُو حرفِ مدح جو قرطاس تے لکھاں آقا ﷺ
کڈیں ہیں تاں اینکوں وی طیبِ گلاب مِل ونجے

اِیڈوں ہووے دل وچ تمنائے حاضری پیدا
اُوڈوں اجازتِ حضوری شتاب مِل ونجے

الٰہی ہݨ تاں مسلمانیں کوں تیڈی دنیا وچ
شعورِ پیرویٔ آنجناب ﷺ مِل ونجے

ایہ قافلہ کہ جو بے سمت ٹُر پیا ہے، اینکوں
نبی ﷺ دے شہر دی راہِ صواب مِل ونجے

ہو اِتّباع کا جذبہ دلوں کے آنگن میں
شبِ عمل کو بھی اب آفتاب مل جائے!

مدینے والے کے نقشِ قدم پہ چلنے کو
عزیزؔ جادۂ حق بے نقاب مل جائے!

﴿☆☆☆﴾

ہوو اتباع دا جذبہ دلیں دے اگواڑ وچ
شبِ عمل کوں وی ہن آفتاب مل ونجے

مدینے والے دے نقشِ قدم تے ٹرنے کوں
عزیزؔ جادۂ حق بے نقاب مِل ونجے

﴿☆☆☆﴾

جمعرات: ۲۷؍رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ......۱۶؍جولائی ۲۰۱۵ء

زوجۂ پاکِ مُزّمّل و طٰحٰی ﷺ

(اعلیٰ حضرت احمد رضا خانؒ بریلوی کے ایک بیت کی تضمین)

ماہِ صدق و صفا کی حسیں روشنی
جس کے ماتھے کا جھومر صداقت بنی

رسمِ تصدیق جس کے پدر سے چلی
جس کو ورثے میں تسلیم کی خو ملی

چاندنی جس کی رویت سے شرما گئی
میری ماں! عائشہؓ علم کی منتہی

دیں میں جس کی اُمومت سے جاں پڑ گئی
راویوں میں ہمیشہ نمایاں وہی!

جس نے پھیلائی خوشبو احادیث کی
اور بخشی شبوں کو عجب روشنی

جس نے اوصافِ مہرِ رسالت ﷺ سبھی
پیشِ اُمت رکھے، تھے خفی یا جلی

تا کہ ہو اُسوۂ پاک کی پیروی
اِتّباعِ نبی ﷺ ہی کرے ہر گھڑی

زوجۂ پاک مُزّمّل و طٰحٰی ﷺ

(اعلیٰ حضرت احمد رضا خانؒ بریلوی دے ہک شعر دی تضمین)

ماہِ صدق و صفا دی حسیں روشنی
جیں دے متھے دا جھومر صداقت بݨی

رسم تصدیق دی جیندے پیو توں ٹُری
جینکوں ورثے وچ تسلیم دی خو ملی

چاندݨی جیندے چہرے توں شرما گئی
میڈی ماء ! عائشہؓ ، علم دی منتہی

دیں وچ جیندی اُمومت کنوں جاں پے گئی
راویِیں وچ ہمیشاں نمایاں رہی

جیں نے پھیلائی خشبو احادیث دی
تے بخشی راتیں کوں عجب روشنی

جیں نے اوصافِ مہرِ رسالت ﷺ سبھی
سامݨے امت رکھے ، ہن خفی یا جلی

تا کہ ہووے اُسوۂ ِپاک دی پیروی
اِتّباعِ نبی ﷺ ہی کرے ہر گھڑی

کوئی نادار ہو اُمتی یا غنی
ایسی ماں جس کی سیرت مثالی رہی!

جس کی عزت امر عظمتیں دائمی!
جس کے صدقے تیمّم کی رخصت ملی

جس کی عفت کی رب نے گواہی بھی دی!
ساری اُمت کی ماؤں میں جو فرد تھی

جس کو نسواں پہ حاصل ہوئی برتری
اہلِ بیتِ مطہر میں ممتاز بھی

زوجہَ پاکِ مُزّمّل و ابطحی ﷺ
''بنتِ صدیقؓ، آرامِ جانِ نبیؐ
اس حریمِ برأت پہ لاکھوں سلام''

﴿☆☆☆﴾

کوئی نادار ہووے اُمتی یا غنی
اَجھی ماء جیں دی سیرت مثالی رہی

جیندی عزت امر عظمتیں دائمی !
جیندے صدقے تیمّم دی رخصت ملی

پارسائی دی رب نے گواہی ڈِتی
ساری امت دی ماواں وچ جو فرد ہئی

جینکوں عورتیں تے حاصل تھئی برتری
اہلِ بیتِ مطہر وچ ممتاز وی

زوجہَ پاکِ مُزّمّل و بطحی ﷺ
'' دھیِ صدیقؓ ، آرامِ جانِ نبی ﷺ
اُوں حریمِ برأت تے لکھّاں سلام''

﴿☆☆☆﴾

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

میں نے جب بعدِ نبی ﷺ سب سے بڑے انساں کو
نذر کرنے کے لیے
اپنی عقیدت کے گلابوں کو سجانا چاہا
تب یہ محسوس کیا
میں کوئی لفظ بھی شایانِ ابوبکرؓ
نہیں لکھ سکتا
اس لیے کاسۂ دریوزہ لیے
بابِ علیؓ تک پہنچا
شیرِ یزداںؓ نے ......مرے سید و مولاؓ نے
مری راہبری فرمائی
اپنے ممدوح کی توصیف مجھے ان کے ہی خطبے میں ملی
میں نے کچھ لفظ چنے اور اُنہیں لفظوں کو
نظم کا متن بنایا
کہ یہی صائب تھا
رحلتِ سیّدِ ملت پہ
علیؓ ابن ابی طالب نے
حق کا اظہار کیا......اور بجا فرمایا
''اے ابوبکرؓ! رہیں رحمتِ باری میں سدا!
آپ محبوب تھے اور مونس و ہمراز و مشیر
آخری پیغمبر ﷺ کے
دینِ اسلام بھی تسلیم کیا

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

میں جڈاں بعدِ نبی ﷺ سب توں وڈے انساں کوں
نذر کرنڑ واسطے
اپنڑی عقیدت دے گلاباں کوں سجاونڑ چُیم
تاں ایہ محسوس کیتا
میں کوئی لفظ وی شایانِ ابوبکرؓ
نہیں لکھ سگدا
ہیں واسطے خیرات دا کشکول چاتے
بابِ علیؓ تے پہنتم
شیرِ یزداں نے.....میڈے سید و مولاؓ نے
میڈی راہبری فرمائی
اپنڑے ممدوح دی توصیف میکوں اِنہاں دے ہی خطبے وچ ملی
میں اُتھوں لفظ چنڑے تے اُنہاں لفظیں کوں
نظم دا متن بنڑایا
کہ ایہو ٹھیک ہا
رحلتِ سیّدِ ملتؐ تے
علیؓ ابنِ طالب نے
حق دا اظہار کیتا......تے بجا فرمایا
''اے ابوبکرؓ: راہویں رحمت باری وچ سدا:
آپؓ محبوب ہن بیا مونس و ہمراز و مشیر
آخری پیغمبر ﷺ دے
دینِ اسلام وی تسلیم کیتا

آپؓ نے سب سے پہلے
آپ ایمان کے خالص بھی تھے
اللہ سے ڈرتے بھی تھے
اور دیں کے لیے نفع رساں
سب سے سوا تھے (بے شک)
آپؓ اصحابِ رسولِ ﷺ عربی میں تھے
مناقب میں ہر اِک سے بڑھ کر
صورت و سیرتِ سرکارِ دو عالم ﷺ
کے قریں...... آپ کی ذات ہی تھی
(واقعہ یہ ہے کہ)
جب اوروں نے جھٹلایا نبی ﷺ کو تو ابوبکر
انہیں تم نے ہی سچا جانا
پھر تو من جانبِ اللہ
پکارے گئے تم ہی ''صدیق''
تم شہِ دیں کے لیے سمع و بصر تھے گویا
معتمد سب سے زیادہ تھے تمہیں
سرورِ دیںؐ کے نزدیک
''جاءَ بالصِّدقِ'' (کی تنزیل سے روشن ہے)
کہ سچ لائے محمد ﷺ تو مصدق ہوئے
ان کے صدیق!
(مکہ والوں) کے تو دل تنگ تھے
آقاؐ کے لیے
ایسی ساعت میں ابوبکرؓ بڑھے
سیّدِ سادات کی غم خواری کو

آپؓ نے سب کنوں پہلے
آپؓ ایمان دے پکے سچے وی ہن
اللہ کنوں ڈرݨ آلے وی ہن
تے دین کوں فیدہ پچاوݨ کیتے
سب کنوں اَگوں ہن (بے شک)
آپؓ صحابیؓ ءِ رسول ﷺ عربی وچ ہن
مناقب وچ ہر ہک کنوں ودھ تے
صورت و سیرتِ سرکارِ دو عالم ﷺ
دے قریب...... آپؓ دی ذات ہی ہئی
(واقعہ اے ہے کہ)
جڈاں ٻنھاں نے نہ منیا نبی ﷺ کوں تاں ابوبکر
انہاں کوں ﷺ تئیں ہی سچا منیا
ول تاں من جانبِ اللہ
پکاریا گیا توں ہی "صدیقؓ"
آپؓ شہِ دیں ﷺ واسطے سمع و بصر ہاوے
بھروسہ مند سب کنوں ودھ تے
سرورِ دیں ﷺ دے نیڑے
''جاءَ بالصِّدقِ'' (قرآں کنوں ثابت ءِ)
سچ اِتھاں لایا محمد ﷺ تاں مُصَدِّق تھیا
اُنہاں دا صدیق
(مکہ والیں) دے دل تاں تنگ ہن
آقا ﷺ واسطے
اَجھی گھڑی وچ ابوبکرؓ ٹُرئیے
سیّدِ سادات دی غمخواری کوں

ہر کٹھن وقت میں سرکارِ دو عالم ﷺ
کی رفاقت کو بڑھے......ثانی اثنین ہوئے
غار کی آغوش میں بھی
اُس گھڑی آپؓ پہ اللہ کی جانب سے
سکینت اُتری
آپؓ ہی سیدِ عالم ﷺ کی رفاقت میں ہوئے راہیٔ
طیبہ، بے شک

آپ ہی دینِ الٰہی میں خلیفہ ہوئے، اُمت کے لیے
بعدِ وصالِ شہِ دیں ﷺ
لوگ جب دیں سے پھرے......
آپؓ نے اس ساعت میں

بہتریں طرزِ خلافت کے دکھائے جوہر
آپؓ نے امرِ الٰہی کی حفاظت میں جو اقدام کیے،
ان کی نظیر
کسی پیغامبرِ دیں کے کسی ساتھی میں پائی نہ گئی
مضطرب لوگ ہوئے، آپ مگر عزم کے ساتھ
عینِ منہاجِ نبوت سے رہے وابستہ
تھے منافق بھی وہاں اور بڑے حاسد بھی
دیں کے باغی بھی غضبناک تھے سارے
پھر بھی......تفرقہ تھا نہ تنازُع
کہ ہوئے آپؓ خلیفہ برحق
آپؓ واللہ تھے سردار سب اہلِ دیں کے

ہر اوکھے وقت وچ سرکارِ دو عالم ﷺ
دی سنگت وچ شامل تھئے...... ثانی اثنین بݨے
غار دی جھولی وچ وی
اُوں ویلھے آپؓ تے اللہ دی طرفوں
سکون دی کیفیت طاری تھئی
آپؓ ہی سیّدِ عالم ﷺ دی سنگت وچ تھئے راہیٔ
طیبہ، بے شک

آپؓ ہی دینِ الٰہی وچ خلیفہ بݨے اُمت واسطے
بعدِ وصالِ شہِ دیں ﷺ
لوک جݙاں دین کنوں پھریے....
آپؓ نے اُوں ویلھے وچ

من موہݨی خلافت دے کمال ݙکھائے
آپؓ نے امرِ الٰہی دی حفاظت کیتے جو اقدام کیتے،
انہاں دی مثال
کہیں پیغمبرِ دین دے کہیں سنگتی وچ نہ پاتی گئی
کُجھ لوک دین کنوں پھریے مگر آپؓ سچے جذبے نال
عینِ نبوت دے رستے تے قائم رہئیے
ہن منافق وی اُٹھائیں تے وݙے حاسد وی
دین دے باغی وی سارے کاوڑ اِچ ہن
وَل وی..... تفرقہ ہا نہ تنازعہ
کہ بݨے آپؓ خلیفہ برحق
آپؓ واللہ ہن سردار سب اہلِ دیں دے

مہرباں باپ کی صورت تھے مسلمانوں پر
برشگالِ آتشِ سوزاں کی رہے،
کافر و مشرک کے لیے
اور مومن کے لیے اُنس و پناہ و رحمت،
اچھے اوصاف کے ماحول میں
پرواز کناں آپؓ رہے
اور محاسن پائے
آپ کا قلب کبھی حق کی طرف سے نہ پھرا
ضعف کی زد میں بصیرت بھی کبھی آ نہ سکی
اور پسپا نہ ہوئی کوئی دلیل

آپؓ اس کوہ کے مانند تھے
جس کو نہ شدائد ہی ہلا سکتے ہیں
اور نہ طوفان ہٹا سکتے ہیں''
اپنے خطبے میں فصاحت کے گہر
کس نے لٹائے؟...... کہ خرد، دنگ ہے
اور روح مری وجد میں ہے
یہ فصاحت ہے علیؓ ابنِ ابی طالب کی
جس کو اشعار میں اپنے جو سمونا چاہوں......
ناطقہ سر بگریباں ہی رہے
ان کے دُرہائے مبارک،
مرے لفظوں میں خزف لگتے ہیں
اس لیے چند ہی لفظوں کو تبرُّک جانا
اسد اللہ (رضی اللہ عنہ) نے جس ذات کی

مہرباں پیو دی صورت ہن مسلماناں تے
بھاہ دی برسات بٹیے،
کافریں مشرکیں کیتے
تے موموناں واسطے اُنس و پناہ و رحمت
چنگے گُنڑں دے ماحول وچ
پرواز کناں آپ رہے
چنگے گُنڑ پاتے
آپؓ دا دل کڈاہیں حق کنوں نہ پھریا
پڑ چھپے دی زد وچ بصیرت وی کڈہیں آ نہ سگی
تے ردنہ تھی کوئی دلیل

آپؓ اوں پہاڑ دے وانگوں ہن
جیں کوں نہ شاید ہی ہلا سگدن ہن
تے نہ طوفان ہٹا سگدن ہن
اپنڑے خطبے وچ فصاحت دے موتی
کیں لُٹائے، کہ عقل دنگ اے
تے روح میڈی وجد وچ ہے
اے فصاحت ہے علیؓ ابنِ ابی طالب دی
جیں کوں شعریں وچ جو میں لکھنڑ چاہواں
تاں لکھ نی سگدا
اوندے درہائے مبارک،
میڈے لفظیں وچ موتی لگدے ہن
ایں واسطے کُجھ ہی لفظیں کوں تبرک جانڑم
اسد اللہ (رضی اللہ عنہ) نے جیں ذات دی

عظمت کو کیا ہے تسلیم
اُن کی سیرت کو سلام

اُن کی بصیرت کو سلام
آشنا رمزِ نبوت سے جو تھے......
اُن کی صداقت کو سلام!

﴿☆☆☆﴾

عظمت کوں کیتا ہے تسلیم
اُوندیؓ سیرت کوں سلام

اوندیؓ بصیرت کوں سلام
آشنا رمزِ نبوت کنوں جو ہَن
اُوندیؓ صداقت کوں سلام

﴿☆☆☆﴾

شعلۂ خورشید

سنو لوگو!
سنو اک داستاں جس میں
تمہارے خواب
بے اندازہ روشن، خوبصورت
زندگی آمیز
یعنی
جاوداں سب آرزوؤں کے
گل وگلزار
اپنی چھب دکھاتے ہیں
تمہیں آسودگی کے باغ میں
موسم بلاتے ہیں
تمہاری داستاں تم کو سناتے ہیں
تمہیں میں چند ایسے لوگ تھے
جن کی
رگوں میں
خون سچا تھا

شعلۂ خورشید

سڻو لوکو
سڻو ہک داستاں جیں وچ
تہاڈے خواب
بے اندازہ روشن، خوبصورت
زندگی توں پُر
یعنی
ہمیشاں سب آرزوئیں دے
گل وگلزار
اپڻا رنگ ڈِکھیندے ہن
تہاکوں سکھ امن دے باغ وچ
موسم سڈیندے ہن
تہاڈی داستاں تہاکوں سڻیندے ہن
تساں وچ کُجھ اِتھے وی لوک ہن
جہناں دی
رگیں وچ
خون سچا ہا

کہ ان میں مفلس ونادار بھی
طاقت میں اس سے کم نہیں تھا
جو وہاں پر حکمرانی کے لیے لایا گیا تھا
کہ ان پر جو بھی کرتا تھا حکومت
وہ ہمیشہ خود کو
ان لوگوں کا خادم ہی سمجھتا تھا
کہ جن پر اس کو سرداری کا منصب
حق نے بخشا تھا!
کبھی دیہات سے اُٹھ کر مدینے
آنے والا شخص
کہتا تھا ''عمرؓ''! ہم تیرا خطبہ سن نہیں سکتے
ہمیں پہلے بتا جو
تو نے اک لمبا سا کرتہ
زیبِ تن اپنے کیا ہے
اس کا کپڑا اس قدر ہرگز نہیں تھا
جس سے تیرا جسم ڈھک جاتا
بتا تو نے خیانت تو نہیں کی ہے؟
کہ جو مالِ غنیمت سے یہاں کپڑا ملا تھا
وہ تو ناکافی تھا
تیرے جسم پر پورا جو آ جاتا
وہ کرتہ بن نہیں سکتا تھا اس میں
عمرؓ بولے
ذرا میرے پسر سے پوچھ لو
کیا ہے حقیقت میرے کرتے کی

اِنہاں وچ مفلس ونادار وی
طاقت وچ اِیں کنوں کم نہیں ہا
جو اُتھاں تے حکمرانی واسطے لاتا گیا ہا
اِنہاں تے جو کریندا ہا حکومت
اُو ہمیشاں خود کوں
اِنہاں لوکاں دا خادم ہی سمجھدا ہا
جہناں تے اینکوں سرداری دا منصب
حق نے بخشا ہا
کڈیں دیہات کنوں اُٹھ تے مدینے
آوݨ آلا شخص
اہدا ہا ''عمرؓ'' اساں تیڈا خطبہ سݨ نہیں سگدے
اساکوں پہلے ڈسا جو
تیں جو ہک لمبا جہا کرتا
زیبِ تن اپݨے کیتا ہے
ایندا کپڑا اِتلا ہرگز کینا ہا
جیں کنوں تیڈا جسم لک ویندا
ڈسا تیں نے خیانت تاں نہیں کیتی؟
کہ جو مالِ غنیمت توں اِتھوں کپڑا ملیا ہاوی
اُو تاں اِتلا کینا ہا
تیڈے جسم تے پورا آویندا
او کرتہ بݨ نہ سگدا ہا ایں وچ
عمرؓ بولیے
ذرا میڈے پتر کنوں پچھ گھن
کیا ہے حقیقت میڈے کرتے دی

پسر بولے کہ میں نے اپنا حصہ
اپنے والد کو دیا تھا
تا کہ ان کا ایک کرتہ تو مکمل بن سکے اس میں
حقیقت صرف اتنی ہے!

وہ دیہاتی اُٹھا اور اُٹھ کے اس نے
بات سننے کے لیے حاضر کیا خود کو
کہا اب تم کہو ہم سے کہ جو کچھ تم کو کہنا ہے
عمرؓ جو نصف دنیا پر حکومت کر رہے تھے
ان کی یہ کیسی حکایت ہے!
مگر منظر بدلنے پر
چڑھا سولی پہ وہ جس نے
کبھی جرأت ذراسی کی

کہ اپنے حکمراں سے پوچھ لے
دولت کے یہ انبار
تیرے قصر میں کیسے لگے آخر؟
وہ سلطاں مطمئن تھا ایک گستاخ آج میں نے قتل کر ڈالا
مگر سوچا نہ تھا اس نے
کہ سچائی کے دیوانے سدا جیتے ہیں دنیا میں
گزر جاتا ہے جو اک شخص، وہ تنہا نہیں رہتا
پھر اک ہمزاد اس کا
سر اُٹھائے...... عرصۂ گیتی میں آموجود ہوتا ہے
کہ جس میں جرأتِ گفتار ہوتی ہے

پتر بولیا کہ میں اپݨا حصہ
اپݨے پیو کوں ڈتا ہا
تا نجواینداہک سوٹ تاں مکمل بݨ سگے ایں وچ
حقیقت صرف اتلی ہے

اُو دیہاتی اُٹھیا تے اُٹھ تے اُوں نے
ڳالھ سݨݨ واسطے حاضر کیتا خود کوں
آکھیا، ہݨ توں الا اساں نال کہ جو کجھ تیکوں آکھݨا ہے
عمرؓ جو نصف دنیا تے حکومت کریندے پے ہن
اُونہاں دی کیجھی حکایت ہے
مگر منظر بدلیے تے
چڑھیا سولی تے اُو جیں نے
کڈاہیں جرأت ذرا کیتی

کہ اپݨے گودے توں پُچھ گھنے
دولت دے ایہ انبار
تیڈے محل وچ کیویں آئن آخر؟
او سلطان مطمئن ہا ہک گستاخ اج میں قتل کر چھوڑے
مگر سوچا نہ ہا اُوں نے
کہ سچائی دے دیوانے سدا جیندن ایں دنیا تے
لنگھ ویندا ہے جو ہک شخص، اوکلھا نہیں راہندا
وَل ہک ساتھی اوند
سر چاتے،، کجھ عرصے بعد بھوئیں تے آویندے ہے
کہ جیں وچ الاوݨ دی ہمت ہوندی ہے

فرازؔ اس کی حقیقت سے اُٹھا دیتا ہے پردہ
جب وہ کہتا ہے
''کرن جو قتل ہوتی ہے
وہی خورشید کے شعلے میں
ڈھلتی ہے''

﴿☆☆☆﴾

فرازؔ اوندی حقیقت کنوں لہا ڈیندا ہے گُھنڈ
جڈاں اوآکھدا ہے
''کرن جو قتل تھیندی ہے
اُوہا خورشید دے شعلے وچ
ڈھلدی ہے''

﴿☆☆☆﴾

(شب کے سفاک خداؤں کو خبر ہو کہ نہ ہو۔ جو کرن قتل ہوئی شعلۂ خورشید بنی......احمد فرازؔ، صفحہ 652......شہرِ سخن آراستہ ہے)......

۲۱رصفر ۱۴۳۸ھ......مطابق: ۲۲رنومبر ۲۰۱۶ء

جنابِ ذُوالنُّورَین رضی اللہ عنہ

غنی ہے عرف، تو پیارا خطاب ذُوالنُّورَینؓ
وہ زَوجِ دُختِ رسالت مآب ﷺ ذُوالنُّورَینؓ

عجیب شان کہ دو بیٹیوں کے زَوج بنے☆۱
مرے نبی ﷺ کا حسیں انتخاب ذُوالنُّورَینؓ

حیا و حلم کا پیکر تھے حضرتِ عثمانؓ
اسی لیے تو ہوئے آنجناب، ذُوالنُّورَینؓ

نبی ﷺ کی اور بھی ہوتیں جو دُخترانِ طہیر☆۲
تو زَوج ان کے بھی بنتے جناب ذُوالنُّورَینؓ

خود اپنے گھر میں غنیمت کے مستحق ٹھہرے☆۳
جہادِ بدر کا پاکر ثواب، ذُوالنُّورَینؓ

وہ جس کی ذات بنی وجہ بیعَتِ رضواں☆۴
نشانِ آیۂ اُم الکتاب، ذُوالنُّورَینؓ

قتال شہرِ نبی ﷺ میں انہیں پسند نہ تھا
شہید ہو کے ہوئے کامیاب ذُوالنُّورَینؓ

جنابِ ذُوالنُّورَین رضی اللہ عنہ

غنی ہے عرف تاں پیارا خطاب ذُوالنُّورَین
اُو شوہرِ دھیِ رسالت ماآب ﷺ ذُوالنُّورَینؓ

عجیب شان کہ ڈُو دھیریں دے شوہر بݨیے
میڈے نبی ﷺ دا حسیں انتخاب ذُوالنُّورَینؓ

حیا و حلم دا پیکر ہن حضرتِ عثمانؓ
ہئیں واسطے تاں تھئے آنجناب، ذُوالنُّورَینؓ

نبی ﷺ دیاں بیاں وی ہوندیاں جو دُخترانِ طہیر
تاں شوہر اُونہاں دے وی بݨدے جناب، ذُوالنُّورَینؓ

خود اپݨے گھر وچ غنیمت دے حق دار بݨیے
جہادِ بدر دا پا کے ثواب ، ذُوالنُّورَینؓ

اُو جیندی ذات بݨی وجہ بیعتِ رضواں
نشانِ آیۂ اُمّ الکتاب ، ذُوالنُّورَینؓ

قتال شہرِ نبی ﷺ وچ اونکوں پسند نہ ہا
شہید تھی کے تھیئے کامیاب ذُوالنُّورَینؓ

سعید روح بھی پاکیزہ نفس بھی تھے عزیزؔ
سخاوتوں کے درخشاں شہاب، ذُوالنُّورَینؓ

﴿☆☆☆﴾

سعید روح وی پاکیزہ نفس وی ہن عزیزؔ
سخاوتیں دے روشن شہاب ، ذُوالنُّورَینؓ

﴿☆☆☆﴾

۱۔حضرت سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ اور حضرت سیدہ اُمِّ کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ کے شوہر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

۲۔حضرت اُمِّ کلثوم رضی اللہ عنہا کے انتقال پر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا اگر میری کوئی تیسری صاحب زادی ہوتی تو میں اس کو عثمانؓ سے بیاہ دیتا اور میں خود (اپنی بیٹیوں کو کسی سے) نہیں بیاہتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ایسا کرتا ہوں۔

(سیرت حضرت عثمان غنی۔حکیم محمود احمد ظفر۔ص ۹۷)

۳۔غزوۂ بدر کے موقع پر حضرت سیدنا عثمانؓ اور سیدنا اسامہ بن زیدؓ کو حضور ﷺ نے اپنی لختِ جگر سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کی تیمارداری کے لیے مدینے میں رکنے کا حکم دے کر فرمایا: ''تم دونوں کو شرکتِ جہاد کا اَجر و ثواب اور مالِ غنیمت میں سے حصہ ملے گا۔''

(ایضاً۔ص ۱۲۶)

۴۔حدیبیہ میں مقیم رسول اللہ ﷺ تک یہ افواہ پہنچی کہ حضرت عثمانؓ جو سفیر کے طور پر مکہ گئے تھے شہید کر دیئے گئے ہیں تو، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اب مجھے ان سے لڑنا حلال ہو گیا ہے کیوں کہ پہل ان کی طرف سے ہوئی ہے اور جب تک میں قتلِ عثمان کا انتقام نہ لے لوں گا یہاں سے حرکت نہیں کروں گا۔''

(حکیم محمود احمد ظفر، سیرت حضرت عثمان غنیؓ، ص۔۱۲۶)

اتوار: ۱۵/ذی الحج ۱۴۲۹ھ/۱۴/دسمبر ۲۰۰۸ء

منقبت حضرت علی رضی اللہ عنہ

بے شک وہ صحابی بھی ہیں دامادِ نبیﷺ بھی
اوّل ہیں وہی اُمتِ مسلم کے ولی بھی

عصمت تو ہوئی ختم نبوت پہ مگر ہاں
محفوظ تھے عصیاں کی نجاست سے علیؓ بھی

وہ عہدِ امارت میں بھی تھے فقر سراپا
ٹھکرایا انہوں نے ہر اک اندازِ شہی بھی

بوبکرؓ وعمرؓ کے بھی مشیر آپ تھے بے شک
ممنون رہے اُن کی فراست کے غنیؓ بھی

اصحابؓ نبیﷺ سب ہی ہدایت پہ ہیں بے شک
اِک نجمِ ہدایت ہیں سرِ چرخ علیؓ بھی

اصحابؓ کی اُلفت نے سکھایا ہے یہ نکتہ
روشن ہے وہ دل جس میں رہے حبِّ علیؓ بھی

شبیرؓ نے پائی تھی شجاعت بھی علیؓ سے
مظہر تھی اُسی حلم کی طرزِ حسنیؓ بھی

منقبت حضرت علی رضی اللہ عنہ

بے شک اُو صحابی وی ہن دامادِ نبیﷺ وی
پہلے ہن اُو امتِ مسلم دے ولی وی

عصمت تاں تھئی ختم نبوت تے مگر ہاں
محفوظ ہن گناہیں دی نجاست توں علیؓ وی

او عہدِ امارت وچ وی ہن فقر سراپا
ٹھکرایا جہناں نے ہر ہک اندازِ شہی وی

بوبکرؓ و عمرؓ دے وی مشیر آپؓ ہن بے شک
ممنون رہیے اوندی فراست دے غنی وی

اصحابؓ نبیﷺ سب ہی ہدایت تے ہن بے شک
ہک نجمِ ہدایت ہن سرِ چرخ علیؓ وی

اصحابؓ دی الفت نے سیکھایا ہے ایہ نکتہ
روشن ہے او دل جیں وچ رہے حبِّ علیؓ وی

شبیرؓ نے پاتی ہئی شجاعت وی علیؓ توں
مظہر ہئی اوندے حلم دی طرزِ حسنیؓ وی

دونوں کا عمل مظہرِ تعلیمِ علیؓ تھا
دونوں میں جھلکتا تھا شعارِ پدری بھی

کردارِ علیؓ حلمِ حسنؓ میں مترشّح
ایثارِ حسینؓ میں ہے طِیبِ اسدیؓ بھی

حلمِ حسنؓ و طرزِ حسینؓ میں یقیناً
ہے مرتضویؓ حسن، جمالِ نبویﷺ بھی

ہے مرتضویؓ خُلق تو اخلاص سراپا
اخلاص فی الاسلام ہے تعلیمِ نبیﷺ بھی

ہم مرتضویؓ خُلق سے بیگانے ہیں یکسر
اظہارِ محبت میں ہیں باتوں کے دھنی بھی

دعوے ہیں بہت حُبِّ علیؓ کے مگر احسنؔ!
اخلاص کی خوشبو سے ہے کردار تہی بھی

﴾☆☆☆﴿

ہفتہ: ۳۰ر رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ.....۱۴ر اگست ۲۰۱۰ء

ڈوہیں دا عمل مظہرِ تعلیمِ علیؓ ہا
ڈوہیں وچ جھلکدا ہا شعارِ پدری وی

کردارِ علیؓ حلمِ حسنؓ وچ ظاہر ہے
ایثارِ حسینؓ وچ ہے طِیبِ اسدیؓ وی

حلمِ حسنؓ و طرزِ حسینؓ وچ یقیناً
ہے مرتضویؓ حسن، جمالِ نبویﷺ وی

ہے مرتضویؓ خُلق تاں اخلاص سراپا
اخلاص فی الاسلام ہے تعلیمِ نبیﷺ وی

اساں مرتضویؓ خُلق کنوں بیگانے ہمیشاں
اظہارِ محبت وچ ہیں گالھیں دے دھنی وی

دعوے ہن بہوں حبِّ علیؓ دے مگر احسنؔ
اخلاص دی خوشبو توں ہے کردار تہی وی

﴾☆☆☆﴿

منقبتِ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا

فاطمہ زہراؓ نبی ﷺ کی رابعہ بیٹی [1]
یہ وہ ہستی ہیں جو تا عمر
اپنے والد و سردارِ کل عالم
محمد مصطفےٰ ﷺ کے ساتھ
ہی اکثر رہیں
جب تک رسولِ ہاشمی ﷺ
جلوہ فگن دنیائے فانی میں رہے
لیکن!
رسول اللہ ﷺ دنیا سے ہوئے رخصت
فقط چھ ماہ قبلِ فاطمہ زہراؓ [2]
کہ بس اتنی سی مدت بعد ہی
وہ خود بھی اس دنیائے فانی سے
سفر کر کے بقا سے آشنا ٹھہریں

یہی وہ ایک بیٹی تھیں نبی ﷺ کی
جن کی نسبت سے
بہت لوگوں نے دیں کی روشنی پائی
مگر بدبخت روحیں خود انہی کے
نام سے دنیائے دوں کی
ظلمتوں میں گم ہوئیں اکثر
یہودی اور مجوسی
شاطروں نے ان کے نامِ پاک سے

منقبتِ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا

فاطمہ زہراؓ نبی ﷺ دی چوتھی دھی
ایہ او ہستی ہے جو تا حیاتی
اپنے والد و سردارِ کل عالم
محمد مصطفیٰ ﷺ دے نال
ہی اکثر رہی
جڈاں تونڑیں رسولِ ہاشمی ﷺ
جلوہ نما دنیائے فانی وچ ریہے
لیکن!
رسول اللہ ﷺ دنیا کنوں تھئے رخصت
فقط چھ مہینے پہلے فاطمہ زہرا
کہ بس اتنی جہی مدت بعد ہی
او خود وی ایں دنیائے فانی کنوں
سفر کر کے بقا کنوں آشنا تھی

ایہا او ہک دھی ہی نبی ﷺ دی
جیندی نسبت کنوں
ڈھیر لوکاں نے دین دی روشنی پاتی
مگر بدبخت روحاں خود انہاندے
ناں کنوں دنیائے حقیر دی
ظلمتیں وچ گم تھیاں اکثر
یہودی تے مجوسی
شاطریں نے ان دے نامِ پاک نال

جوڑے بہت سے ایسے افسانے
کہ جن سے ملتِ بیضا کا شیرازہ
بکھر جائے!
بہت کذاب پیدا ہو گئے ایسے
جنھیں مرغوب تھا، اسلام کے ایوان میں
فتنے بپا کرنا
سو ان کو فاطمہ زہراؓ کا نامِ پاک
ایسا ہو گیا حاصل
کہ جس سے بیشتر جھوٹے فسانے
جوڑ کر

اُمت کو فتنوں میں پھنسا ڈالا
ابوبکرؓ و عمرؓ جن کے توسط سے
نبی ﷺ کا دین اور اسلام کا
نظم و نسق دنیا میں رائج ہو گیا تھا
ان پہ بد باطن گروہِ کاذبیں نے
تہمتوں کی خوب بارش کی
کہا لوگو! عمرؓ نے فاطمہ زہراؓ
کے بیتِ پاک پر حملہ کیا
اس کو جلا کر راکھ کرنے کا
ارادہ کر لیا پورا[۳]
یہ قصہ گھڑ لیا سارا
مگر کذاب خود یہ بھول جاتے ہیں
کہ وہ جن کی شجاعت کی گواہی خود بھی دیتے ہیں

جوڑیئے ڈھیر جیہے اتھے افسانے
کہ جیں کنوں ملتِ بیضا دا شیرازہ
کھنڈ ونجے
ڈھیر کذاب پیدا تھی گئے اتھے
جھناں کوں پسند ہا، اسلام دے ایوان وچ
فتنے بپا کرݨا
سو انہانکوں فاطمہ زہراؓ دا نامِ پاک
ایجھا تھی گیا حاصل
کہ جیں کنوں ڈھیر کوڑے فسانے
جوڑ تے

اُمت کوں فتنیں وچ پھسا ڈِتا
ابوبکرؓ و عمرؓ جھناں دی وجہ کنوں
نبی ﷺ دے دین تے اسلام دا
نظم و نسق دنیا وچ رائج تھی گیا ہا
عِن تے بد باطن گروہِ کاذبیں نے
تہمتیں دی خوب بارش کیتی
آکھیا لوکو! عمرؓ نے فاطمہ زہرا
دے بیتِ پاک تے حملہ کیتا
اونکوں جلا تے راکھ کرݨے دا
ارادہ کر گھدا پورا!
ایہ قصہ گھڑ گھدا سارا
مگر کوڑے خود ایہ بُھل ویندے ہن
کہ اوجیندی شجاعت دی گواہی خود وی ڈیندے ہن

علیؓ شیرِ خدا کو اِک طرف اَشجع بتاتے ہیں
وہی اپنی کہانی میں انھیں پر بزدلی کی تہمتیں بھی
خوب دھرتے ہیں
تقیہ کا انھیں الزام دیتے ہیں
عجب یہ دوغلا پن ہے کہ اِک جانب

شجاعت جن کی خود مانیں
انھیں کو اس قدر کمزور بھی جانیں
جو اپنے اہلِ خانہ کی، حفاظت کر نہیں سکتا
نہیں ممکن کہ دنیا میں جسے
شہرت ملے ایسی کہ
اہلِ دیں تو سب ہوں معترف
جس کی شجاعت کے
اسی پر بزدلی کی تہمتیں بھی
ساتھ ہی دھر دیں!
نہیں ممکن......نہیں ممکن......نہیں ممکن!
فدک کے نام پر فتنہ بپا کرنے[۴]
چلے کذاب تو یہ بھی نہیں سوچا
کہ جب شہزادیٔ کونین ہی کے
روبرو صدیقِ اکبرؓ نے
نبی ﷺ کا قول دہرایا
کہ مال و دولتِ دنیا میں
نبیوں کا کوئی وارث نہیں ہوتا
تو بی بی پاک نے پھر تا حیات

علیؓ شیرِ خدا کو ہک طرف بہادر ڈِسیندے ہِن
او ہوا اپڻی کہانی وچ اوں تے بزدلی دی تہمتاں وی
خوب لیندے ہِن
تقیہ دا انہاں تے الزام ڈِیندے ہِن
عجیب اے دوغلا پن ہے کہ ہک پاسوں

شجاعت جیندی خود مانن
اونکوں ایں قدر کمزور وی مانن
جو اپڻے اہلِ خانہ دی حفاظت کر نہیں سگدا
نہیں ممکن کہ دنیا وچ جینکوں
شہرت ملے اَجھی کہ
اہلِ دین تاں سب اعتراف کریندے ہوون
جیندی شجاعت دی
اوں تے بزدلی دیاں تہمتاں وی
نال ڈِیون!
نہیں ممکن..... نہیں ممکن...... نہیں ممکن
فدک دے نام تے فتنہ بپا کرڻے
ٹُریئے کوڑے تاں ایہ وی نہیں سوچا
کہ جڈاں شہزادیٔ کونین ہی دے
روبرو صدیقِ اکبر نے
نبی ﷺ دا قول دُہرایا
کہ مال و دولتِ دنیا وچ
نبییں دا کوئی وارث نہیں ہوندا
تاں بی بی پاک نے ول تا حیاتی

اپنی وراثت کا کوئی قضیہ
نہ دھرایا
ہوئی جب آیۂ تطہیر نازل [۵]
اُمتِ مسلم کی ماؤں کے لیے
اس دَم، رسول اللہ ﷺ نے چاہا
کہ بی بی فاطمہؓ اور ان کے دونوں شاہزادوں کو بھی
دعا کر کے
کرا دیں اپنے اہل البیتؓ میں شامل
علیؓ کو بھی اسی زُمرے میں داخل کر کے
ان کے قرب کا سکہ کریں جاری
تو ان چاروں کو چادر میں لیا اور
یوں دعا فرمائی آقا ﷺ نے
کہ یا اللہ! یہ ہیں میرے اہل البیتؓ
ان کو بھی نجاست سے بری کر دے [۶]
جنابِ اُمِ سلمہؓ نے کہا میں آؤں چادر میں
تو فرمایا نہیں تم ''خیر'' ہی پر ہو [۷]
[کہ اہل البیتؓ میں شامل ہو تم کو کیا ضرورت ہے مِری چادر میں آنے کی]
کہ قرآں میں تو اہل البیتؓ

سب ازواج کے بارے میں آیا ہے
وہ تھیں بنتِ عُمیس اسماء، جو
بی بی پاکؓ کی کرتی تھیں خدمت
اس علالت میں

اپݨی وارث دی کوئی گالھ
نہ دھرائی
ہوئی جڈاں آیۂ تطہیر نازل
امتِ مسلم دی ماواں واسطے
اوں وقت، رسول پاک ﷺ نے چاہیا
کہ بی بی فاطمہؓ تے انہاں دے ݙو ہیں شہزادیں کوں وی
دعا کر کے
کراݙیون اپݨے اہل البیتؓ وچ شامل
علیؓ کوں وی اوں زمرے وچ داخل کر کے
اوندے قرب دا سکہ کرن جاری
تاں ءِن چاریں کوں چادر وچ گھد اتے
ایں دعا فرمائی آقا ﷺ نے
کہ یا اللہ! ایہ ہن میݙے اہل البیت
ءِن کوں وی نجاست کنوں بری کرݙے
جنابِ اُمِ سلمہؓ نے آکھیا میں آواں چادر وچ
تاں فرمایا نہیں توں ''خیر'' ہی تے ہئیں
[کہ اہل البیتؓ وچ شامل ہئیں تیکوں کیا ضرورت ہے میݙی چادر وچ آوݨ دی]
کہ قرآن وچ تاں اہل البیتؓ

سب گھر والیاں دے بارے وچ آیا ہے
او ہئی بنتِ عُمیس اسماء، جو
بی بی پاکؓ دی کریندی ہئی خدمت
ایں بیماری وچ

کہ جس میں فاطمہ زہرہؓ ہوئیں رخصت [8]
ذرا سوچو
کہ وہ بنتِ عُمیس اس وقت کس ہستی کی زوجہ تھیں؟
یقیناً وہ خلیفہ ہی کی زوجہ تھیں!
ہوئی جب فاطمہ زہرہؓ کی رحلت شہرِ طیبہ میں
تو صدیقؓ و عمرؓ تدفین میں حاضر رہے دونوں
وہاں اصرار تھا حضرت علیؓ کا یہ
امامِ وقت یعنی نائبِ ختم الرسل ﷺ
صدیقِ اکبرؓ خود بڑھیں آگے

جنازے کی نماز اِس وقت
ان کی ہی امامت میں ادا ہو گی
پھر ایسا ہی ہوا اس دَم
یہی طبقات میں تحریر اک سچی روایت ہے
وفاتِ فاطمہؓ کے باب میں جعفرؓ ولد باقر
کی یہ سچی روایت ہے [9]
عمرؓ کے عقد میں آئی تھیں
حضرت فاطمہؓ کی ایک شہزادی
کہ جن کا نام
اپنی ایک ہمشیرہ
کے اسمِ پاک پر رکھا
جنابِ فاطمہ نے خود
وہی بنتِ علی یعنی وہ حضرت اُمِ کلثومؓ [10]
ایک پاکیزہ نواسی شاہِ طیبہ کی

کہ جیں وچ فاطمہ زہرہؓ تھئی رخصت
ذرا سوچو
کہ او بنتِ عمیس اوں وقت کیں ہستی دی گھر آلی ہئی؟
یقیناً او خلیفہ ہی دی گھر آلی ہئی!
تھئی جڈاں فاطمہ زہرہؓ دی رحلت شہرِ طیبہ وچ
تاں صدیقؓ و عمرؓ تدفین وچ حاضر رہے ڈوہیں
اُتھاں اصرار ہا حضرت علیؓ دا ایہ
امامِ وقت یعنی نائبِ ختم الرسل ﷺ
صدیقِ اکبرؓ خود آون اگوں

جنازے دی نماز ایں وقت
اِن دی ہی امامت وچ ادا ہوسی
وَل ایجھا ہی تھیا اوں وقت
ایہا طبقات وچ تحریر ہک سچی ہے روایت ہے
وفاتِ فاطمہؓ دے باب وچ جعفرؓ ولد باقر
دی ایہ سچی روایت ہے
عمرؓ دے نکاح وچ آئی ہئی
حضرت فاطمہؓ دی ہک شہزادی
کہ جیندا نام
اپنی ہک ہمشیرہ
دے اسمِ پاک تے رَکھیا
جنابِ فاطمہ نے خود
او ہا بنتِ علی یعنی او حضرت اُمِ کلثومؓ
ہک پاکیزہ نواسی شاہِ طیبہ دی

نواسی دوسری آقا ﷺ کی
بنتِ زینب بوالعاص تھیں بے شک
امامہ نام تھا جن کا
وصیت کی یہ بی بی پاکؓ نے
جب میں بچھڑ جاؤں
علیؓ! تم میری اس ہمشیر زادی سے
نکاح و عقد کر لینا
پھر ایسا ہی ہوا حضرت علیؓ کے
گھر میں زوجہ بن کے وہ آئیں [11]

مگر اتنی بڑی سچائی سے منہ موڑنے والوں کو
غیرت ہی نہیں آتی!
یہ باقر کی روایت بھی کتابوں میں
بڑی روشن، بڑی واضح بڑی سچی ملی مجھ کو
کہ آقا ﷺ نے جنابِ فاطمہ زہراؓ سے فرمایا
کہ میرے بعد مجھ پر بین مت کرنا
نہ چہرہ چھیلنا اپنا، نہ بالوں کو پریشاں تم کبھی کرنا
نہ واویلا نہ نوحہ میری میت پر کبھی کرنا
نہ بلوانا کبھی بھی نوحہ کرنے والیوں کو تم [12]
سو، اُمت آج تک حضرت کی رحلت پر نہیں کرتی
کوئی نوحہ
مگر جو سنتِ آقا کے دشمن ہیں
انھیں ہر چیز زیبا ہے
جنابِ فاطمہ زہراؓ نبی ﷺ کو اتنی پیاری تھیں

نواسی ڈوجھی آقا ﷺ دی
بنتِ زینبِ العاص ہئی بے شک
امامہ نام ہا جیندا
وصیت کیتی ایہ بی بی پاکؓ نے
جڈاں میں جدا تھی ونجاں
علیؓ! توں میڈی ایں ہمشیر زادی نال
نکاح کر گھنیں
ول ایجھا ہی تھیا حضرت علیؓ دے
گھر وچ گھر آلی بݨ تے او آئی

مگر اتنی وڈی سچائی کنوں منہ موڑݨ والے کوں
غیرت ہی نہیں امدی!
ایہ باقر دی روایت وی کتابیں وچ
وڈی روشن، وڈی واضح وڈی سچی ملی میکوں
کہ آقا ﷺ نے جنابِ فاطمہ زہراؓ کوں فرمایا
کہ میڈے بعد میں تے رویں پٹیں نہ
نہ منہ چھلیں اپݨا، نہ والیں کوں پریشاں توں کڈاہیں کریں
نہ واویلا نہ نوحہ میڈی میت تے کڈاہیں کریں
نہ سڈ واویں کڈاہیں وی نوحہ کرݨ والیں کوں توں
تہوں، امت اڄ توڑیں حضرت دی رحلت تے کریندی نی
کوئی نوحہ
مگر جو سنتِ آقا ﷺ دے دشمن ہن
انہا کوں ہر چیز زیبا ہے
جنابِ فاطمہ زہراؓ نبی ﷺ کوں اتنی پیاری ہئی

کہ جب ملنے کو وہ آتیں
تو استقبال فرماتے!
مگر پھر بھی غلام ان کو نہیں بخشا
کہ اُمت کو بتانا تھا

قرابت سے زیادہ فرض کا احساس
قائم ہو
کہ بیت المال پر اُمت کے
ہر اِک فرد کا حق ہے
جنابِ فاطمہ زہرا کو
ابا جان یعنی شاہِ طیبہ نے
عمل کے اجر کی جو کچھ بشارت دی
اُنھوں نے ساری اُمت کی نفع بخشی
کی خاطر عام کر ڈالی
یہ فرمایا نبی ﷺ اللہ نے اِک دن
کہ قربانی کے وقتِ ذبح تم حاضر رہو بیٹی
گناہوں سے...... ذبیحہ کے لہو کے
سارے قطروں کے مساوی
مغفرت ہو گی!
جنابِ فاطمہؓ بولیں!
یہ اہلِ بیتؓ ہی کے واسطے ہے اجر
یا پھر ساری اُمت کے لیے
جاری، بشارت ہے؟
یہ فرمایا نبی ﷺ نے

کہ جڈاں ملݨ کوں اوامدیں
تاں استقبال کریندے!
مگر ول وی غلام اونکوں نہیں بخشا
کہ امت کوں ڈسا وٹاں ہا

قرابت توں زیادہ فرض دا احساس
قائم ہووے
کہ بیت المال تے امت دے
ہر ہک فرد دا حق ہے
جنابِ فاطمہ زہرا کوں
ابا جان یعنی شاہِ طیبہ نے
عمل دے اجر دی جو بشارت ڈتی
اوں نے ساری امت کوں نفع بخشی
دی خاطر عام کر ڈتا
ایہ فرمایا نبی ﷺ اللہ نے ہک ڈیہنہ
کہ قربانی دے وقتِ ذبح توں حاضر رہ دھی
گناہیں توں.... ذبیحہ دے لہو دے
سارے قطریں دے برابر
مغفرت ہوسی!
جنابِ فاطمہؓ بولی!
ایہ اہل بیتؓ ہی دے واسطے ہے اجر
یا وَل ساری امت واسطے
جاری، بشارت ہے؟
ایہ فرمایا نبی ﷺ نے

یہ ہمارے واسطے اور ساری اُمت کے لیے
ہے اجر [اے بیٹی]![۱۳]
خلوصِ فاطمہ اس اِک روایت ہی سے روشن ہے
رسول اللہ ﷺ کی اُمت انھیں کس درجہ
پیاری تھی!
وہ چکی پیستی تھیں، پانی بھر بھر کے بھی لاتی تھیں
وہ مشکیزہ اُٹھاتی تھیں
گھریلو کام سب خود اپنے ہاتھوں ہی سے کرتی تھیں[۱۴]
غلام ان کو نبی اللہ ﷺ نے بخشا نہیں لیکن
جواذ کار ان کو سکھلائے
وہ اُمت میں ہوئے رائج
نمازی تا قیامت
ذکرِ اسمِ ربِ تعالیٰ
اُن کی ہی نسبت سے
دھرائیں گے تا ''ساعت''[۱۵]
نبی ﷺ کی بیٹیاں سب ہی مقدس ہیں[۱۶]
مگر یہ سب سے چھوٹی
سب سے بڑھ کو ان کو پیاری تھیں

تبھی خاتونِ جنت کا لقب ان کے لیے آیا
لسانِ شاہِ طیبہ پر![۱۷]
زبانِ عائشہؓ پر ان کی یوں تعریف آئی تھی
''کھڑے ہوتے تھے ان کو دیکھ کر گھر میں
شہِ والا''

ایہ اساڈے واسطے تے ساری امت واسطے
ہے اجر [اے دھی]
خلوصِ فاطمہؓ ایں ہک روایت توں ہی روشن ہے
رسول اللہ ﷺ دی امت اونکوں کیں درجے
پیاری ہئی!
او چکی پیسدی ہئی، پانی بھر بھر تے وی امدی ہئی
او مشکیزہ چیندی ہئی
گھر دے سارے کم خود اپنے ہتھیں نال کریندی ہئی
غلام اونکوں نبی اللہ ﷺ نے بخشا نہیں لیکن
جواذ کار اونکوں سیکھائے
او امت وچ تھیئے رائج
نمازی تا قیامت
ذکرِ اسمِ ربِ تعالیٰ
اوندی ہی نسبت کنوں
دھریسن ہر ''گھڑی''
نبی ﷺ دیاں دھیریں سب ہی مقدس ہن
مگر ایہ سب کنوں نکی
ساریں کنوں ودھ تے آپ ﷺ کوں پیاری ہئی

تہوں خاتونِ جنت دا لقب اوندے واسطے آیا
لسانِ شاہِ طیبہ تے!
زبانِ عائشہؓ تے اوندی ایں تعریف آئی ہئی
''کھڑے تھیندے ہن اونکوں ڈیکھ تے گھر وچ
شہِ والا''

پکڑ کر ہاتھ ان کا اس کو بوسہ بھی وہ دیتے تھے
برابر اپنی مسند پر بٹھا کر بات کرتے تھے![۱۸]
نبی اللہ ﷺ نے اِک دن یہ فرمایا [مری بیٹی]
میں جس کو پیار کرتا ہوں
نہیں محبوب وہ تجھ کو؟
کہا! ایسا نہیں ہرگز، میں خود محبوب رکھتی ہوں
جسے محبوب رکھیں آپ وہ محبوب ہے میرا
نبی ﷺ فرما رہے تھے عائشہؓ سے پیار تم رکھنا![۱۹]
یہ سب باتیں روایاتِ صحیحہ میں ملیں مجھ کو
مگر بدبخت لوگوں میں
عداوت کا مرض پھیلا
تو ان کو بغض رکھنا عائشہؓ سے
مستحب ٹھہرا

یہ سب کچھ فاطمہ زہراؓ کی
عظمت کی گواہی ہے
مگر ہاں ساتھ ہی
رب کے نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا
سنو! اے فاطمہؓ، صفیہؓ، سنو دونوں!
کہ میں اللہ کے دربار میں
کچھ فائدہ پہنچا نہ پاؤں گا
وہاں کی حاضری کی خود ہی تیاری کرو دونوں![۲۰]
یہ تعلیمِ نبی المحترم ہے
اپنی بیٹی کو

پکڑ تے ہتھ اوندا اونکوں بوسہ وی اوڈیندے ہن
برابر اپٹی مسند تے بہلا تے گالھ کریندے ہن
نبی اللہ ﷺ نے ہک ڈیہنہ ایہ فرمایا [میڈی دھی]
میں جیں کوں پیار کریندا ہاں
نہیں محبوب او تیکوں؟
آکھیا! ایجھا نہیں ہرگز، میں خود محبوب رکھدی ہاں
جینکوں محبوب رکھدیں آپ ﷺ او محبوب ہے میڈا
نبی ﷺ فرمیندے پے ہن عائشہؓ نال پیار توں رکھیں
ایہ سب گالھیں روایاتِ صحیحہ وچ ملیاں میکوں
مگر بدبخت لوکاں وچ
عداوت دا مرض تھی گیا
تاں اِن کوں بغض رکھݨا عائشہؓ نال
مستحب بݨیا

ایہ سب کجھ فاطمہ زہراؓ دی
عظمت دی گواہی ہے
مگر ہا نال ہی
رب دے نبی ﷺ نے ایہ وی فرمایا
سݨو! اے فاطمہؓ، صفیہؓ، سݨو ڈوہیں!
کہ میں اللہ دے دربار وچ
کجھ فائدہ پچا نہ سگساں
اُتھاں دی حاضری دی خود ہی تیاری کرو ڈوہیں
ایہ تعلیمِ نبی المحترم ہے
اپݨی دھیریں کوں

مگر اُمت کے کچھ لوگوں نے معیارِ شفاعت ہی بدل ڈالا!
ضرورت ہے کہ ہم فرمانِ ختم المرسلین ﷺ کی روشنی میں
ہوں عمل پیرا
نبی اللہ ﷺ نے بیٹی کو اِک دن یہ بشارت دی
کہ اہلِ بیتؓ کے افراد میں
بس تم وہ ہستی ہو
جسے تھوڑی ہی مدت بعد
اس دنیا سے جانا ہے
یقیناً جلد ہی مجھ سے جسے
جنت میں ملنا ہے! [۲۱]
یہ سن کر فاطمہ زہراؓ ہوئیں خنداں!
مِرے آقا ﷺ نے بی بی فاطمہؓ سے
پھر یہ فرمایا کہ تم ہی عورتوں کی
خلد میں سردار بھی ہو گی
نبی اللہ ﷺ نے بے طرح بیٹی سے محبت کی
مگر انصاف کا معیار بھی پیشِ نظر رکھا!
حسابِ آخرت کا خوف بھی پیدا کیا پیہم!
سزائے قطعِ ید کے ایک موقع پر مِرے آقا ﷺ نے فرمایا
اگر میری سگی بیٹی، مِری یہ فاطمہ بالفرض ہو ماخوذ
سرقے میں
تو میں اس کو بھی ایسی ہی سزا دوں گا! [۲۲]
قیامِ عدل کی کتنی بڑی تاکید ہے اس میں!
مگر اُمت نے سب کچھ ہی بھلا ڈالا!
حیاتِ فاطمہ زہراؓ سے ہم کو درس ملتا ہے

مگر امت دے کجھ لوکیں نے معیارِ شفاعت ہی بدل چھوڑیا!
ضرورت ہے کہ اساں فرمانِ ختم المرسلین ﷺ دی روشنی وچ
ہووں عمل پیرا
نبی اللہ ﷺ نے دھی کوں ہک ڈیہنہ اے بشارت ڈِتی
کہ اہلِ بیتؓ دے افراد وچ
بس توں اُو ہستی ہئیں
جینکوں تھوڑی ہی مدت بعد
ایں دنیا کنوں ونڄݨاں ہے
یقیناً جلد ہی میں نال جینکوں
جنت وچ ملݨا ہے
ایہ سݨ تے فاطمہ زہراؓ تھئیں خوش!
میڈے آقا ﷺ نے بی بی فاطمہؓ کوں
وَل ایہ فرمایا کہ توں ہی عورتیں دی
خلد وچ سردار ہوسیں
نبی اللہ ﷺ نے بے حد دھی نال محبت کیتی
مگر انصاف دا معیار وی سامݨے رکھیا
حسابِ آخرت دا خوف وی پیدا کیتا نال
سزائے ہتھ کٹݨ دے ہک موقعے تے میڈے آقا ﷺ نے فرمایا
اگر میڈی سگی دھی، میڈی اے فاطمہؓ بالفرض ہووے
سرقے وچ
تاں میں اونکوں وی اُتجھی ہی سزا ڈیساں!
قیامِ عدل دی کتنی وڈی تاکید ہے ایں وچ!
مگر امت نے سب کجھ ہی بھلا چھوڑیا!
حیاتِ فاطمہ زہراؓ توں ساکوں درس ملدا اے

بیانِ عائشہؓ ہے، چال کا انداز ان کا
ہو بہو حضرت رسولِ پاک ﷺ جیسا تھا [۲۳]
ہمیں اب چاہیے ہم بھی
جنابِ عائشہؓ جیسی روش اپنائیں
اور تعریف میں ختم الرسل ﷺ کی سب سے پیاری
لاڈلی بیٹی کے اوصافِ حمیدہ
خوب پھیلائیں
محبت بانٹنے کے واسطے یہ نام دھرائیں
جنابِ فاطمہؓ کے ذکر سے نفرت نہ پھیلائیں
انھیں جن جن سے الفت تھی
عقیدت کے انھیں پر پھول برسائیں
نسب پر خود نہ اِترائیں
شفاعت کو بہت ہلکا نہ جانیں
باز آجائیں!
جنابِ فاطمہ زہراؓ کے اسمِ پاک کو
اس طرح دھرائیں
کہ ان کا اُسوۂ روشن
ہمارے ذہن و دل کو
روشنی بخشے
عمل کی ساری قندیلوں سے
بس اِک روشنی پھوٹے!

﴾☆☆☆﴿

جمعرات: ۱۴ر ذیقعد ۱۴۴۰ھ مطابق: ۱۸ر جولائی ۲۰۱۹ء
وگرنہ سیلِ زماں میں تو بہتے رہتے ہیں
ہماری طرح کے بے انت
یاں ......خس و خاشاک!
کہیں زمانہ اسی طرح سے ہمیں اک دن
بہائے اور سمندر میں غرق کر ڈالے!

☆☆☆

ڈھکڑیں اِچ پاݨی پاتے پڑ مروں
اساں اپݨے عمل دے ڈھنگ تے تھوڑا وی غور کروں
مرݨ دے خوف وچ جیں ڈیہنہ کنوں پے
تاں اپݨا وفا دا عہد ہی
مُنڈھوں کنوں بُھل گیے

اساں اپݨے غرور وچ کامیابی دی امید وچ
خود اپݨے عہد دیاں شرطاں بُھلا تے بہہ گیے
ملی کامیابی دی خبر ہئی ساڈی قوم کوں
مگر وفا دی شرط اُتھاں لازم ہئی
ہر قیمت تے
تھیا جو اساں تے اثر
جہالت عقل و دانش دا
تاں اساں تمنا دے فریب وچ آ گئے اتھے
کہ اپݨا وفا دا عہد ہی
مُنڈھوں کنوں بُھل گئے
اجݨ ہے وقت ساڈے کول تے ''عہدِ وفا'' دی لج رکھوں
نتاں اے وقت دے نال تاں واہندے رہندن ہن
اساڈی طرحاں دے بے انت
اِتھ ..... خس و خاشاک
کتھائیں زمانہ ایویں اساکوں ہک ڈیہاڑے
لوڑھی تے سمندر وچ غرق کر ڈیوے

☆☆☆

بدھ: ۷؍رجب المرجب ۱۴۳۸ھ......۵؍اپریل ۲۰۱۷ء

نعت میں وہ فضا بنے

نعت میں وہ فضا بنے
لفظ بہ لفظ ہر صدا
منصفِ خیر و شر رہے
لوحِ جہاں کا آئنہ
صرف مِرے حضور ﷺ کے
رنگ سے معتبر رہے
لفظ و بیان پر سدا
خیر ہی کا اثر رہے
نعت میں وہ فضا بنے
جس کے طفیل زیست بھی
نور کی راہ پر رہے
تا بہ ابد جہان میں
صدق و یقیں کی رہ گزر
نور سے معتبر رہے

حُسنِ معاملت یہاں
خیر سے پُر اثر رہے
نعت میں وہ فضا بنے
لفظ ہر ایک درد میں
قلب کا چارہ گر رہے
خیر کا سائباں سدا

نعت وچ او فضا بݨے

نعت وچ او فضا بݨے
لفظ بہ لفظ ہر صدا
منصفِ خیر و شر رہے
لوحِ جہاں دا شیشہ
صرف میڈے حضور ﷺ دے
رنگ کنوں معتبر رہے
لفظ و بیان تے ہمیش
خیر ہی دا اثر رہے
نعت وچ او فضا بݨے
جیندے طفیل زندگی وی
نور دی راہ تے رہے
تا بہ ابد جہان وچ
صدق و یقیں دی رہ گزر
نور کنوں معتبر رہے

حُسنِ کاروبار اِتھ
خیر کنوں پُر اثر رہے
نعت وچ او فضا بݨے
لفظ ہر ہک درد وچ
قلب دا چارہ گر رہے
خیر دا سایہ ہمیش اِتھ

لفظ و بیان پر رہے
نعت میں وہ فضا بنے
گام بہ گام زندگی
شمع بدست شب بہ شب
فکر و تخیلات کی
راہِ بلاغ پر رہے
دشتِ ظُلم میں ہر طرف
خُلقِ حَسَن کی ہی کرن
حرف میں جلوہ گر رہے
نعت میں وہ فضا بنے
جس کی تجلیات میں
جھلکے مثالِ آئنہ
اُسوۂ سرورِ اُممﷺ
نعت پڑھیں تو دور ہوں
زنگ خیال و فکر کے
شہرِ سخن میں نعت ہی
سکۂ معتبر رہے
حرفِ سخن کے فرق پر
تاجِ ہنر سجا رہے
شعر ہر ایک نعت کا
صوت وصدا کے شہر میں
تازہ گلاب کی طرح
تابہ ابدَ کھلا رہے
نعت میں وہ فضا بنے!!!

☆☆☆

لفظ و بیان تے رہے
نعت وچ او فضا بݨے
قدم قدم تے زندگی
سو جھلے دے ہتھ ہر رات کوں
فکر و تخیلات دے
پیغام پُچاوݨ تے رہے
ظلم دے دشت وچ ہر پاسے
حَسَن دے خُلق دی ہی کرن
حرف وچ جلوہ گر رہے
نعت وچ او فضا بݨے
جیندی تجلیات وچ
نظرے شیشہ دی مثال
اُسوۂ سرورِ اُممﷺ
نعت پڑھوں تاں دور ہوون
زنگ خیال و فکر دے
شہرِ سخن وچ نعت ہی
سکۂ معتبر رہے
حرفِ سخن دے فرق تے
تاجِ ہنر سجا رہے
شعر ہر ہک نعت دا
صوت و صدا، دے شہر وچ
تازہ پُھلیں دی طرحاں
تابہ ابدَ کھلا رہے
نعت وچ او فضا بݨے

☆☆☆

ایماں مِرا جگنو ہے

احساس کی شدت نے
تخلیق کی حدت نے
افکار کو پگھلایا
تب مجھ کو خیال آیا
میں نظمِ گلستاں میں
اِس طور سے شامل ہوں
جیسے کوئی جگنو ہو
اور رات اندھیری ہو
وہ راہ بھٹک جائے
اور راہ میں تھک جائے
پھر صبح اسے سورج
آغوش میں یوں لے لے
جیسے کوئی ماں اپنے
بچے کو سنبھالے ہو
جگنو تو علامت ہے
ایماں کی حرارت کی
جگنو ہے مِرے اندر
ایمان کی چنگاری
اور میں نے بحمد اللہ
سورج کے اُجالے میں
گم ہو کے ہی سمجھا ہے
ایماں کی چمک کیا ہے

ایمان میڈا جگنو ہے

احساس دی شدت نے
تخلیق دی گرمی نے
افکار کوں پگھا ریا
تاں میکوں خیال آیا
میں نظمِ گلستاں وچ
ایں طور توں شامل ہاں
جیویں کوئی جگنو ہووے
تے رات اندھاری وچ
اُو، رستہ بُھل ونجے
تے راہ اِچ تھک ونجے
وَل سویرے اونکوں سجھ
جھولی وچ ایں گھن گھنے
جیویں کوئی ماء اپنٹے
بالیں کوں سنبھلیندی ہے
جگنو تاں علامت ہے
ایماں دی حرارت دی
جگنو ہے میڈے اندر
ایمان دی چڑنگ وانگوں
تے میں وی بحمد اللہ
سجھ دے ہی سوجھلے وچ
گم تھی تے ہی سمجھا ہاں
ایماں دی چمک کیا ہے

جگنو کی طرح روشن

تھا رات، اندھیرے میں
سورج جو نظر آیا
معلوم ہُوا میں تو
بس رات اندھیرے میں
دِکھلاتا ہوں زیبائی
جگنو کی چمک لیکن
خورشید کی بخشش ہے
تعریف ہے اُس رب کی
جس نے مجھے سورج سے

کچھ فیض اُٹھانے کو
لمحات بھی بخشے ہیں
احساس بھی بخشا ہے
جذبات بھی بخشے ہیں
سورج جو مدینے میں
روشن ہے صداقت کا
صد شکر میں اب اس کی
کرنوں سے چمکتا ہوں

﴿☆☆☆﴾

(یہ نظم بروز پیر: ۲۲ / ربیع الاول ۱۴۳۴ھ، مطابق: ۴ / مارچ ۲۰۱۳ء کو لکھی گئی تھی............
آج کمپوز کرتے ہوئے کچھ ترمیمات کی گئی ہیں)۔
بدھ: ۱۲ / رب المرجب ۱۴۴۰ھ مطابق: ۲۰ / مارچ ۲۰۱۹ء......
جمعرات: ۱۳ / رب المرجب ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۱ / مارچ ۲۰۱۹ء

جگنو دی طرحاں روشن

ہا رات، اندھاری وچ
سجھ جیرھا نظر آیا
معلوم تھیا میں تاں
بس رات، اندھاری وچ
ڈیکھلینداہاں زیبائی
جگنو دی چمک لیکن
خورشید دی بخشش ہے
تعریف ہے اُوں رب دی
جیں میکوں سجھ کنوں وی

کجھ فیض اُٹھاوݨ دے
لمحات وی بخشے ہن
احساس وی بخشا ہے
جذبات وی بخشے ہن
سجھ جیرھا مدینے وچ
روشن ہے صداقت دا
صد شکر میں ہن اوندی
لاٹیں توں چمکداہاں

﴿☆☆☆﴾

قیامت سے پہلے

قیامت سے پہلے
ضروری ہے ظاہر ہوں
ایسے مناظر
جنھیں دیکھ کر روح تک کانپ اُٹھے
شیاطیں کی افواج
بدروحوں کے غول
ہر سمت ہی دندناتے پھریں
صلح جو، نیک سیرت بشر
کی تمناؤں کا خون ہو
سلب ہو جائیں اس کی
سبھی قوتیں!
نصف انسان! بے رحم، خونیں
درندوں کے مانند
حیوانیت کے سبھی رنگ
اپنا کے آگے بڑھے
اور بڑھتا رہے
اور یوں، نوعِ انساں کی ہر قدرِ روشن
اُجالوں سے محروم ہو کر
اندھیروں کا لقمہ بنے!

☆☆☆

اتوار: ۸ر رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ: مطابق: ۱۰ر اپریل ۲۰۲۲ء

قیامت کنوں پہلے

قیامت کنوں پہلے
ضروری ہے ظاہر ہوون
اتھجے مناظر
جنہاں کوں ڈیکھ تے روح تک کنب اُٹھے
شیطانیں دِیاں فوجاں
بدروحیں دے جکھڑ
ہر پاسے مرضی کریندے پھرن
صلح کرݨ آلے، نیک سیرت بشر
دی تمنائیں دا خون ہووے
اُو کنوں کھس گھنن اوندیاں
ساریاں طاقتاں
اَدھے انسان! بے رحم خونیں
درندیں دی طرحاں
جانوریں دے سارے رنگ
وَٹا کراہیں اَگوٹورن،
تے ٹردے رَہن
تے ایویں، نوعِ انساں دی ہر قدرِ روشن
سوجھلیں کنوں محروم تھی تے
اندھاریں دا لقمہ بݨے!

☆☆☆

شہادت کی آرزو!

اے وطن
تجھ سے کیا تھا جو مِرے
پُرکھوں نے
عہد وہ مجھ میں، نبھانے کی
سکت ہی نہ رہی!
میرے محبوب وطن
میں ترا مجرم ہوں مجھے
میرے اس جرمِ ضعیفی
کے عوض
دار کی راہ دِکھا!

یا کیا جائے مجھے دفن
تری سرحد پر
قبل از موت یونہی!
تا کہ نیَّت کا ملے مجھ کو صلہ
اور مرا رب مجھ کو!
جاں نثارانِ وطن
اور شہیدانِ وفا کی صف میں
از رہِ لطف و کرم
حشر میں
شامل کر دے!

﴿☆☆☆﴾

پیر: ۷رشوال ۱۴۴۳ھ مطابق: ۸رمئی ۲۰۲۲ء

شہادت دی آرزو

اے وطن
تیں نال کیتا ہا جو میڈے
وڈیاں نے
عہد اُو میں وچ، نبھاوݨ دی
ہمت ہی ناں رہی!
میڈے پیارے وطن
میں تیڈا مجرم ہاں میکوں
میڈے ایں بڈھیپے دے جرم
دے بدلے
سولی دی راہ ڈِکھا

یا کیتا ونجے میکوں دفن
تیڈی سرحد تے
موت توں پہلے ایویں!
تا کہ نیّت دا ملے میکوں صلہ
تے میڈا رب میکوں!
جند وطن تے قربان کرݨ آلیں
تے وفا اُتے شہید تھیوݨ آلیں دی صف وچ
از رہِ لطف و کرم
حشر وچ
شامل کر ڈیوے!

﴿☆☆☆﴾

سونا آنگن!

اب وار ہوا عجب عدو کا
بے حوصلہ ہو گئے ہیں ساتھی!
ہیں سہمے ہوئے جوان اپنے
ڈوبی ہے ظَلَم ☆ میں ساری وادی
ہے کون جو رہ دِکھائے روشن
سونا ہے ہر ایک یاں تو آنگن!

﴿☆☆☆﴾

اُجڑے اِگواڑ!

ہݨ وار تھیا عجیب دشمن دا
بے حوصلہ تھی گئے ہن سنگتی
ہن ڈرے پن جوان اپݨے
بڈ گی ہے اندھارے وچ ساری وادی
ہے کوئی جو راہ ڈکھاوے سوجھلا
اُجڑیا ہے ہر ہک اِتھاں تاں اگواڑا!

﴿☆☆☆﴾

☆ظَلَم (فت ظ، ل)............ظلمت۔اندھیرا۔تاریکی

پیر: ۷رشوال ۱۴۴۳ھ مطابق: ۸رمئی ۲۰۲۲ء

نہ رہی کوئی بھی دارو باقی !

دھوپ اتنی ہے کہ ہر سایۂ شجر اب کے
آگ برسانے لگا
کرب اتنا ہے کہ اب درد کے ماروں کے لیے
نہ رہی کوئی بھی دارو باقی
موت کے سائے
ہر اِک سمت ہی چھائے ہیں
یہاں
رہنِ غم ہو گئے
سب پیر و جواں
ہائے بے حوصلگی !
کس سے کہوں دل کی کہانی اب کے !

﴿☆☆☆﴾

پیر: ۷؍شوال ۱۴۴۳ھ مطابق: ۸؍مئی ۲۰۲۲ء

نہ رَہی کوئی وی سولی باقی

دُھپ اِتلی ہے کہ ہر چھاں آلا وَݨ ہݨ تاں
بھاہ وساوݨ لگا
کرب اِتلا ہے کہ ہݨ درد یں دے ماریں کیتے
نہ رَہی کوئی وی سولی باقی
موت دے چھنویرے
ہر ہِک پاسے ہی چھائے ہِن
اِتھاں
غم دے سنگتی تھی گے ہِن
سب بڈھڑے نینگر
میڈے اندر دا ڈر
کیں کوں سݨاواں دل دی کہانی ہݨ !

﴿☆☆☆﴾

افسوس سیلِ وقت میں سب کچھ ہی بہہ گیا!

افسوس سیلِ وقت میں سب کچھ ہی بہہ گیا
میرا ضمیر
میری تمنائیں
میرا فن
میری روایتوں کا خزانہ
مِرا چلن
اُسلوب
طرزِ زیست
مِرا خُلق
میرا دھن
افسوس سیلِ وقت میں سب کچھ ہی بہہ گیا

ایماں بچا سکا نہ میں
شیطاں کے سامنے
مَلتا ہوں ہاتھ
میں نے تو سب کچھ گنوا دیا
میری ہوس نے
کون سا رستہ دکھا دیا؟
خاشاک بن کے میری
ہر اِک شئے
ہی بہہ گئی
اِک جوئے تند و تیز

افسوس ویلے نال سبھو کُجھ ہی وَہ گیا

افسوس ویلھے نال سبھو کُجھ ہی وَہ گیا
میڈا ضمیر
میڈیں خواہشیں
میڈا فن
میڈیں روایتیں دا خزانہ
میڈا اُٹھݨ بہݨ
اُسلوب
حیاتی گزارݨ
میڈا خُلق
میڈا دھن
افسوس ویلھے نال سبھو کُجھ ہی وَہ گیا

ایماں بچا سگیا نہ میں
شیطاں دے سامݨے
ملیندا ہاں ہتھ
میں تاں سبھو کُجھ وِنجا ڈِتا
میڈی ہوس نے
کیجھا رستہ ڈِکھا ڈِتا؟
خاک بݨ تے میڈی
ہر ہک شئے
ہی وَہ گئی
ہک تیز ہوا دا جھکڑ

مِری ''جان'' کے عوض
آسودگیِ قلب ونظر
ساتھ لے گئی
اب میں متاعِ قلب ونظر کی تلاش میں
اِک دشتِ بے اماں
میں کھڑا ہوں
برہنہ پا
اِک لمحہ
میرے دل کو سکوں
مل نہ پائے گا
ہر لمحہ
میری روح
نیا زخم پائے گی!!!
یلغار! نااُمیدی کی
ہونی ہے روز وشب
موسم ہزیمتوں کا
فضاؤں پہ چھائے گا!
اب تک بچا ہوا تھا مِرا حوصلہ
مگر
اب حوصلہ بھی ساتھ مِرا چھوڑ جائے گا
افسوس سیلِ وقت میں سب کچھ ہی بہہ گیا

﴿☆☆☆﴾

۱۵ر رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ: مطابق: ۱۷/اپریل ۲۰۲۲ء

میڈی ''جند'' دے بدلے
قلب ونظر دی بے چینی
نال گھن گئی
ہݨ میں سرمایۂ قلب ونظر دی گول وچ
ہِک دشتِ بے اماں
وچ کھڑا اہاں
ننگا
ہِک ویلھے
میڈے دل کوں سکون
مِل نی سگدا
ہر ویلھے
میڈی روح
نواں زخم پیسے
حملہ! نااُمیدی دا
ہووٹاں ہے رات ڈینہہ
موسم شکست دا
فضائیں تے چھاویسے
ہݨ تونڑیں بچیا پیا ہا میڈا حوصلہ
مگر
ہݨ حوصلہ وی ساتھ میڈا چھوڑ ویسے
افسوس ویلھے نال سبھو کُجھ ہی وَہ گیا

﴿☆☆☆﴾

رستگاری

عذابوں سے بچنے کا واحد ذریعہ
نبی ﷺ کی محبت ہے
اور پیروی ہے!
اسی ایک صورت میں حاصل رہے گی
رسولِ معظم ﷺ کی تم کو معیت
مُیسر رہے گی معیت جو اُن ﷺ کی
تو ٹلتی رہے گی عذابوں کی ساعت
سنو! رب کا اعلان
وہ کہہ رہا ہے
نہیں دے گا ہرگز عذاب اُن کو
جن میں رسولِ معظم ﷺ بھی موجود ہوں گے
رسولِ معظم ﷺ کی موجودگی کا
شعوری طریقہ فقط پیروی ہے!
کہ جس سے نبی ﷺ اپنی سیرت کی روشن،
حسیں جگمگاہٹ میں زندہ رہیں گے
نبی ﷺ کی معیت جسے بھی میسر رہی
وہ عذابوں سے بچتا رہے گا

نجات

عذابیں کنوں بچݨ دا واحد ذریعہ
نبی ﷺ دی محبت ہے
تے پیروی ہے
اِیہا ہِک صورت وچ حاصل رَہسے
رسولِ معظم ﷺ دی تہاکوں قربت
میسر رہسے قربت جو انہاندی ﷺ
تاں ٹلدی رہسے عذابیں دی گھڑی
سݨو! رب دا اعلان
اُوا کھیندا پیا ہے
نہ ڈیسے اُو ہرگز عذاب اُنہاں کوں
جہناں وچ رسولِ معظم ﷺ وی موجود ہوسن
رسولِ معظم ﷺ دی موجودگی دا
شعوری طریقہ فقط پیروی ہے
کہ جیں کنوں نبی ﷺ اپݨی سیرت دی روشن،
حسیں جگمگاہٹ وچ زندہ رہسن
نبی ﷺ سئیں دی قربت جینکوں وی میسر رہسی
اُو عذابیں کنوں بچدا رہسے

وہ بستی کہ جس میں نبی ﷺ
اپنی سیرت کی صورت میں موجود ہوں
وہ معذّب نہ ہوگی
کبھی بھی!
حیاتِ نبی ﷺ یوں ہی مشہود ہوگی
کہ تم
اپنے آقا ﷺ کی سیرت میں ڈھل کر
وہی رنگِ سیرت جہاں کو دِکھا دو
نبی ﷺ تا قیامت، حیاۃ النبی ﷺ ہیں
نبی ﷺ حشر تک دیں کی تنفیذ میں یوں ہی شامل رہیں گے
مصیبت سے بچنے کا واحد طریقہ
یہی ہے
سمجھ لو!
مگر
اس میں کوتاہیاں بھی تو ہوں گی؟
ضرور اس میں کوتاہیاں ہوں گی
لیکن
اِزالہ ہے ان کا فقط ایک
توبہ
کہ رب!
ساتھ ہی ہم سے یہ کہہ رہا ہے
کہ موجودگی اُس کے محبوب ﷺ کی اس کی اُمت میں
جب تک بھی مشہود ہوگی!
عذابوں سے امت بھی بچتی رہے گی!

اُو وستی کہ جیں وچ نبی ﷺ
اپݨی سیرت دی صورت وچ موجود ہوون
عذاب اُنہاں تے کڈاہیں نہ امسے
کڈہیں وی!
حیاتِ نبی ﷺ ایں ہی مشہود ہوسی
تساں
اپݨے آقا ﷺ دی سیرت وچ ڈھل تے
اُوہو رنگِ سیرت جہاں کوں ڈکھاوٴ
نبی ﷺ تا قیامت، حیاۃ النبی ﷺ ہن
نبی ﷺ حشر تک دیں دے اعلان وچ ایویں شامل رہاسن
مصیبت کنوں بچݨ دا کلہلا طریقہ
ایہو ہے
سمجھ گھنو!
مگر
ایں وچ کوتاہیاں وی تاں ہوسن؟
ضرور ایں وچ کوتاہیاں ہوسن
لیکن
اِزالہ ہے ایندا فقط ہک
توبہ
کہ رب!
نال ہی ساکوں اے اہدا پیا ہے
کہ موجودگی اُوندے محبوب ﷺ دی ایندی اُمت وچ
جڈاں تو ڑیں مشہود ہوسی
عذابیں کنوں امت وی بچدی رہسی

مگر پیروی میں بھی کوتاہیاں ہوں گی
ربِ غفور
اِس کو بھی جانتا ہے
اسی واسطے اس کا اعلان یہ ہے
کہ توبہ کریں گے جو کوتاہیوں پر
عذاب ان پہ ہرگز نہ لائے گا مولا

﴿☆☆☆﴾

سورہ الانفال کی آیت کی روشنی میں لکھی گئی:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ......
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمۡ وَاَنۡتَ فِيۡهِمۡ ط وَ
مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمۡ وَ هُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ ٥
(الانفال ۸: آیت ۳۳)

[اے نبی ﷺ] اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کہ آپ کی
موجودگی میں ان پر کوئی عذاب نازل کرے۔
اور وہ ایسا بھی نہیں کہ لوگ اِستغفار کر رہے ہوں
اور وہ اُن لوگوں پر عذاب نازک فرمادے۔

پیر: ۱۵ر ربیع الاول ۱۴۳۹ھ......مطابق: ۴ر دسمبر ۲۰۱۷ء

مگر پیروی وچ وی کوتاہتاں ہوسن
رَب غفور
اینکوں وی جاݨدا ہے
ہَیں واسطے اُوندا اعلان ایہ ہے
کہ توبہ کریسن جو غلطیں کنوں
عذاب اُنہاں تے ہرگز نہ گھن امسے مولا

﴿☆☆☆﴾

آزاد ترجمانی

بستے ہیں آپ ہر دلِ محزوں میں شاہِ دیں!
میں نے بھی اِک سرائے بنائی ہے
اور میں
کرتا ہوں آرزو کہ
کبھی جلوہ گر ہوں آپ
میری سرائے میں
سلطانِ وقت تخت پہ بیٹھا تو ہے مگر
مال و متاعِ دھر کا
دل سے غلام ہے
تشویشِ سیم و زر میں ہے وہ
دل سے مبتلا
پر جو گدائے خاک نشیں ہے
جناب کا!
ہے رشکِ خسرواں
ہے تو گدا، پہ آپ کے در کا گدا ہے وہ
دربارِ خسرواں میں قصیدے ہیں مال کے
لذّاتِ سیم و زر میں ہی رہتے ہیں سب مگن
لیکن گدا جو آپ کے ہیں......اے شہہِ زمن ﷺ!
بس آپ کی لِقا کے سخن کی نشاط میں
رہتے ہیں روز و شب!
یاں تو زبانِ شیخ بھی آتش فشاں سی ہے
شیوہ ہے جس کا قہر و ملامت بہر نفس

آزاد ترجمانی

وسدن ہن آپ ﷺ ہر دلِ ڈُکھی وچ شاہِ دیں!
میں وی ہک رَہݨ دی جاہ بݨائی ہے
تے میں
کریندا ہاں آرزو کہ
کڈاہیں جلوہ گر ہوون آپ ﷺ
میڈی جاہ تے
سلطانِ وقت تخت تے بیٹھا تاں ہے مگر
مال و دَھن زمانے دا
دل کنوں غلام ہے
تشویشِ مال و زر وچ ہے اُو
دل کنوں مبتلا
پر جو گدائے خاک نشیں ہے
جناب دا!
ہے ریسِ خسرواں
ہے تاں گدا، پر آپ ﷺ دے در دا گدا ہے اُو
دربارِ خسرواں وچ قصیدے ہن مال دے
لذاتِ مال و زر وچ ہی رہندے ہن سب مگن
لیکن گدا جو آپ ﷺ دے ہن... اے شہہِ زمن ﷺ
بس آپ ﷺ دی لِقا دے سخن دی محفل وچ
رہندن ہن رات ڈِیہنہ!
اِتھ تاں زبانِ شیخ وی آتش فشاں جہی ہے
شیوہ ہے جیندا قہر و ملامت بہر نفس

برعکس اس کے آپ......کہ
یا شاہِ بحر و بر ﷺ
رکھتے تھے اپنے اشکوں سے بھیگی ہوئی قبا
دردِ غمِ غریب ستاتا تھا آپ کو
لازم ہے ظالمانِ جہاں اب صدا کریں
سرکار ﷺ! عدل اور عنایت کے واسطے
لبیک کہہ کے ظالم و جابر بھی ایک دن
دل سے صدائے عدل و مساوات سن سکے!
جو آپ کے لبوں سے سنی کائنات نے!

﴾☆☆☆﴿

برعکس اوندے آپ ...... کہ
یا شاہِ بحر و بر ﷺ
رکھدے ہن اپنے ہنجوں نال پُسی ہوئی چادر
دردِ غمِ غریب ستیندا ہا آپ کوں
لازم ہے ظالمانِ جہاں ہݨ صدا کرن
سرکا ﷺ! عدل تے عنایت دے واسطے
لبیک آکھ تے ظالم و جابر ہک ڈیہنہ
دل کنوں صدائے عدل و مساوات سݨ سگے
جو آپ ﷺ دے لبیں کنوں سݨی کائنات نے!

﴾☆☆☆﴿

(بدھ: ۲۵، ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ/ یکم دسمبر ۲۰۲۱ء)

دشتِ امکاں

زندگی درد کے سانچے میں ڈھلی
موت کی آغوش میں پل کر اُبھری
اور اک دشتِ تحیُّر میں مجھے چھوڑ گئی
ہر طرف خیرگیِ چشم کے ساماں ہیں
کہ جلوؤں کی فراوانی ہے
حیرتی آئینے ہیں ریت کے ذرّوں میں عیاں
اپنے احساس کے ٹوٹے ہوئے درپن کو لیے
میں کہاں جاؤں کہ اِک عمر سے
اس دشت کی آزاد فضاؤں میں بھی قیدی ہے بدن
روح آزاد ہُوا چاہتی ہے
ایک صحرا کہ جہاں در ہے نہ دیوار نہ روزن نہ دریچہ......
پھر بھی!
دشت ہی میرے لیے ایک قفس ہے گویا!
سوچ کے زخموں سے رِستا ہے لہو شام وسحر

اب کوئی جائے اماں ہے نہ سوالوں کا جواب
زندگی درد کے سانچے میں ڈھلی
موت کی آغوش میں پل کر اُبھری
مجھ کو سونپی گئی اس طور کہ
سہمی ہوئی، ٹھٹکی ہوئی بیزار نظر آتی تھی
اور بیزار ہی کرتی رہی دنیا کے جھمیلوں سے مجھے
بیکراں دشتِ تحیُّر میں مجھے چھوڑ کے کرتی ہے

دشتِ امکاں

زندگی درد دے قالب وچ ڈھلی
موت دی جھولی وچ پَل تے جوان تھی
تے ہِک بیابان جاہ تے میکوں چھوڑ گی
ہر طرف خیرگیِ چشم دے ساماں ہِن
کہ جلویں دی فراوانی ہے
حیرتی شیشے ہِن ریت دے ذرّیں وچ ظاہر
اپنڑے احساس دے ٹوٹے ہوئے شیشے کوں گھدے
میں کتھاں ونجاں کہ ہِک عمر کنوں
ایں دشت دی آزاد فضائیں وچ وی قیدی ہے بدن
روح آزاد ہوونڑ چاہندی ہے
ہِک صحرا کہ جتھاں در ہے نہ دیوار نہ جالا نہ کھڑکی.....
وَل وی
دشت ہی میڈے واسطے ہِک قید ہے
سوچ دے زخمیں کنوں وہندی ہے رَت شام وسویر

ہِن کوئی پناہ دی جاہ ہے نہ سوالیں دا جواب
زندگی درد دے قالب اِچ ڈھلی
موت دی جھولی وچ پَل تے جوان تھی
میڈے حوالے کیتی گئی ایں طریقے
ڈری ہوئی، رُکی ہوئی بیزار نظر امدی ہئی
تے بیزار ہی کریندی رہی دنیا دے جھگڑیں کنوں میکوں
بے کنار دشتِ حیرت وچ میکوں چھوڑ تے کریندی ہے

تماشا میرا

ایک احساسِ زیاں جس سے ہے لبریز
مِری روح کا کاسہ کہ مجھے
ذات کا اپنی ہی عرفاں نہیں ہونے پایا
دشتِ امکاں میں بہت کچھ ہے رسائی میری
پھر بھی خود سے ہے جدائی میری
اور پھر سیلِ زمانہ کے تھپیڑوں کا بھی ڈر ہے بے حد
اپنے آئینۂ ادراک میں کرتا ہوں تماشا خود کا
کرب کے زر سے بھرا رہتا ہے کاسہ خود کا
بیکراں دشت بھی لگتا ہے قفس وہ کہ جہاں
درد کی ریت پہ زنداں کی عمارت کا گماں ہوتا ہے

ہے تو وہ بے در و دیوار مگر میرے لیے
حبس ایسا کہ تنفس بھی ہے دشوار مجھے
زندگی درد کے سانچے میں ڈھلی
موت کی آغوش میں پل کر اُبھری
اور سفاکیِ ماحول کا ورثہ دے کر
بھیڑ میں چھوڑ گئی
روح مجروح ہوئی
محرمِ زنداں سے
مجھ کو اُستادِ ازل نے پسِ آئینہ رکھا
اور جو کچھ بھی سکھایا اسے دہرانے کی فطرت دے دی
بات حافظ نے کہی تھی کہ میں اِک طوطی ہوں
جو پسِ آئینہ کرتا ہے بیاں وہ سب کچھ

تماشا میڈا

ہِک احساسِ زیان کنوں ہے بھری ہوئی
میڈی روح دا کاسہ کہ میکوں
ذات اپݨی دا عرفان ہی نہیں ہووݨ ڈِتا
دشتِ امکاں وچ بہوں کُجھ ہے رسائی میڈی
وَل وی خود کنوں ہے جدائی میڈی
وَل زمانے دے تھپڑیں دا وی ڈر ہے بے حد
اپݨے ادراک دے شیشے وچ کریندا ہاں تماشا خود دا
کرب دے زر کنوں بھر یا رَہندا ہے کاسہ خود دا
بے کنار دشت وی لگدا ہے قید اُو کہ جتھاں
درد دی ریت تے جیل دی عمارت دا گمان ہوندا ہے

ہے تاں اُو بے در و دیوار مگر میڈے واسطے
حبس ایجھا کہ ساہ گھنݨ وی ہے دشوار میکوں
زندگی درد دے قالب اِچ ڈھلی
موت دی جھولی وچ پَل تے جوان تھی
بے دردی ماحول دا ورثہ ڈِے تے
ہجوم وچ چھوڑ گئی
روح زخمی تھئی
محرمِ قید کنوں
میکوں اُستادِ ازل نے شیشے دے پچھوں رَکھیا
تے جو کُجھ وی سکھایا اونکوں دہراوݨ دی فطرت ڈِے ڈِتی
ڳالھ حافظ نے آکھی ہئی کہ میں ہِک طوطی ہاں
جو شیشے دے پچھوں کریندا ہے بیان او سب کُجھ

جو بھی اُستادِ ازل اس کو سکھا دیتا ہے
میں بھی طوطی کی طرح
اپنی صداؤں کی فضاؤں میں مگن رہتا ہوں
مجھ سے حافظ نے کہا ''دیکھ میں کانٹا ہوں کہ گُل
اپنے اُگنے کے لیے تابعِ فرمان کسی اور کا ہوں''![1]
تُو ہے طوطی قفسِ زیست میں

تُو بھی دہرا
لوحِ احساس پہ لکھی ہوئی
ساری باتیں!
اور منقار سے ٹپکا وہ لہو کی بوندیں
جن سے پیدا ہوں وہ طائر کہ جو فریاد کریں
تا بہ ابد!
اس طرح بعدِ فنا بھی تری فریاد کے
آہنگ سے ہو دشت وجبل میں رونق!

﴿☆☆☆﴾

بدھ/جمعرات: ۱۷۔۱۸/ جمادی الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق:
۱۲۔۱۳/ فروری ۲۰۲۰ء

[1] در پسِ آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند
اُنچہ استاد ازل گفت ہماں می گویم
من اگر خارم اگر گُل چمن آرائے ہست
کہ از آں دست کہ می پروردم می رویم
حافظ شیرازی

جو وی استادِ ازل اونکوں سیکھاڈیندا ہے
میں وی طوطی دی طرحاں
اپݨی صدائیں دی فضائیں وچ مگن رہنداہاں
میکوں حافظ نے آکھیا ''ڈیکھ میں کنڈا ہاں کہ پُھل
اپݨے نکلݨ واسطے تابعِ فرمان کہیں بے دا ہاں''
توں ہئیں طوطی قیدِ زندگی وچ

توں وی دُہرا
لوحِ احساس تے لکھیاں ہوئیاں
ساریاں ڳالھیں
ٹھونگ نال وَہا اُورَت دیاں تیڑاں
جیں کنوں پیدا ہوون اُو پکھی جیرھے فریاد کرن
ہمیشاں
ایں طرحاں بعدِ فنا وی تیڈی فریاد دے
نغمے کنوں ہووے دشت وجبل وچ رونق!

﴿☆☆☆﴾

بےحوصلگی کانوحہ!

دردبڑھ جاتاجب
تیری طرف میرے وطن!
دھیان جاتاہے مِرا
میں نے اِک عہد کیاتھا کہ تجھے
اپنے ہرقطرۂ خوں سے
میں نکھاروں گا سدا!
لیکن اس عہدِ وفا کو میں بھلا بیٹھا ہوں
اپنا سرمایۂ ایماں ہی لُٹا بیٹھا ہوں
تجھ پہ جب تیرِ چلائے گئے
ہرجانب سے
کوئی دولت تری خود اپنی تجوری میں بھرے جاتا تھا

کوئی دشمن سے ملا
اورترے امن کاسوداہی چکا کراُٹھا
کسی حاکم نے ترے جسم سے
چادرچھینی
اُس نے بس تیرے خزانے پہ رکھی
اپنی نظر
پھرہوئی اس کی ہی اولاد
نہال
ہاں ذوی العدل بھی
پیچھے نہ رہا

ڈرپوک داماتم

دردوَدھ ویندے جڈاں
تیڈے پاسے میڈا وطن!
دھیان ویندا ہے میڈا
میں وی ہک عہد کیتا ہا کہ تیکوں
اپنْے ہرقطرۂ رَت کنوں
میں نکھارڈیساں ہمیش!
لیکن ایں وفادے عہد کوں میں بھلا بیٹھا ہاں
اپنْا سرمایۂ ایماں ہی لُٹا بیٹھا ہاں
تیں تے جڈاں تیر چلائے گئے
ہرپاسے کنوں
کوئی دولت تیڈی خود اپنْی الماڑی وچ بَھری ویندا ہا

کوئی دشمن نال ملیا
تے تیڈے امن دا سوداہی کرتے اُٹھیا
کہیں حاکم نے تیڈے جسم کنوں
چادرکھسی
اُوں نے بس تیڈے خزانے تے رَکھی
اپنْی نظر
وَل تھئی اوندی ہی اولاد
خوش
ہا طاقتورعدل وی
پچھتے نا ریہا

اس نے بھی
عدل کی الواح پہ تحریر
دورنگی لکھ دی!
اور جو کوئی محافظ تھا فصیلوں کا تری
اس نے بھی نقب لگانے کی
بصد شوق
اجازت دے دی
تیرے دشمن کو

دل و جان سے شاداں ہو کر
اب میں جاؤں تو کہاں جاؤں
کہ ہر اک جانب
صرف تاریکی ہے
میری بے حوصلگی نے
مجھے معذور کیا
اب نہیں مجھ میں
سکت
میں سنوں
دل کے دھڑکنے کی صدا
جس میں اب شعلۂ جوّالہ
کی گرمی ہے فقط
دل جو کہتا!
اسے مان لیا جائے تو
جاں جاتی ہے

اوں نے وی
عدل دی تختی تے تحریر
مکاری لکھ ڈِتی
تے جو کوئی محافظ ہا چار دیواری دا تیڈی
اُوں نے وی سُرنگ بݨاوݨ دی
شوق دے نال
اجازت ڈے ڈِتی
تیڈے دشمن کوں

دل و جان کنوں شاداں تھی تے
ہݨ میں ونجاں تاں کتھاں ونجاں
کہ ہر ہک پاسے
بس اندھارا ہے
میڈی بزدلی نے
میکوں لولہا لنگھڑا کیتا
ہݨ نی میں وچ
ہمت
میں سݨاں
دل دے دھڑکݨ دی صدا
جیں وچ ہݨ شعلۂ جوّالہ
دی گرمی ہے فقط
دل جو آکھیندا
اونکوں من گھد اونجے تاں
جان ویندی ہے

اور میں سہل پسند
اپنی ہی خلوت میں چُھپا
بیٹھا ہوں!

مجھ میں ہمت ہی نہیں
بڑھ کے کروں
جان پر کھیل کے
اب
اپنے دشمن کی صفوں پر اِک وار
اپنے دل کی بھی صداؤں
کو سنوں
اور اُٹھوں
تیرے لیے!

﴿☆☆☆﴾

تے میں آرام پسند
اپڻی ہی خلوت وچ چُھپیا
بیٹھا ہاں

میں وچ ہمت ہی نہیں
وَدھ تے کراں
جان اُتے کھیڈ تے
ہن
اپڻے دشمن دی صفیں اُتے ہک وار
اپڻے دل دی صداویں
کوں سݨاں
تے اُٹھاں
تیڈے واسطے!

﴿☆☆☆﴾

پیر: ۷ر شوال ۱۴۴۳ھ مطابق: ۸ر مئی ۲۰۲۲ء

غیبی اشارہ!

واقعہ سخت ہے اس پر بھی ذرا غور کریں!
چور کو چور کہو اور سزا بھی دے دو
قطعِ ید دیکھ کے
عبرت پکڑیں
وہ جو سرقے کے ارادے
لیے بیٹھے ہیں دلوں میں اپنے
اور جب عزت وعظمت کا چغا پہنا کر
کوئی بھی قوم
کسی چور کی توقیر کرے
تو ہُوا کرتے ہیں کچھ ایسے بھی
اسبابِ بہم!
غیب سے ایسے بھی
اسباب ہُوا کرتے ہیں ظاہر
اکثر
جس سے اس شخص کو
مخلوقِ خدا کہتی ہے
سارق، سارق!
ایسی صورت میں اگر
چور سے ہمدردی کا
ایک سایہ بھی کسی دل پہ
کہیں پڑ جائے
تو وہ برباد ہی کر دیتا ہے

غیبی اشارہ

واقعہ سخت ہے ایں تے وی ذرا غور کروں!
چور کوں چور آکھوں تے سزا وی ڈیوں
ہتھ کٹیے ڈیکھ تے
عبرت پکڑن
اُو جیرھے چوری دے ارادے
گھدی بیٹھے ہن دلیں وچ اپݨے
جڈاں عزت وعظمت دا جُبہ پاتے
کوئی وی قوم
کہیں چور دی عزت کرے
تاں تھی ویندے ہن کجھ اتجھے وی
اسبابِ بہم!
غیب کنوں اتجھے وی
اسباب تھی ویندے ہن ظاہر
اکثر
جیں کنوں ایں شخص کوں
مخلوقِ خدا اَکھیندی ہے
چور، چور!
اتجھی صورت وچ اگر
چور نال ہمدردی دا
ہک سایہ وی کہیں دل تے
کتھائیں پے ونجے
تاں او برباد ہی کر ڈیندا ہے

نظمِ تکوین کے پیمانوں کو
اس لیے چور سے ہمدردی
کا جذبہ بھی شریعت میں
ہے معیوب بہت!
رحم آئے کسی مجرم پہ
یہ جائز ہی نہیں!
میں نے دیکھا تھا
کسی روز
یہ نظارہؑ
ناپاک بھی ان آنکھوں سے!
کہ مِری قوم کا
بد بخت، بُرا، ظالم و جابر
اِک شخص
اپنے منصب کی رعونت
لیے آیا تھا وہاں
تو مواجہ کے قریں
اس کے لیے لگتے رہے تھے نعرے!
وہ لعیں، اس کے ہر اک چاہنے والے......بھی لعیں
عین مسجد میں بپا کرتے رہے شور
تو اہلِ مسجد
دیکھ کر دنگ ہوئے
چند حسّاس فقیرانِ درِ مصطفوی
دل میں کڑھتے بھی رہے!
اب کئی سال کے بعد

تخلیق دی نظم دے پیمانیں کوں
ہئیں واسطے چور نال ہمدردی
دا جذبہ وی شریعت وچ
ہے عیب دار بہوں!
رحم آوے کہیں مجرم تے
ایہ جائز ہی نہیں!
میں وی ڈِٹھا ہا
کہیں ڈیہاڑے
ایہ منظر
ناپاک وی اِنہاں اکھیں نال
کہ میڈی قوم دا
بد بخت، بُرا، ظالم و جابر
ہک شخص
اپݨے منصب دا گھمنڈ
گھن تے آیا ہا اُتھاں
تاں مواجہ شریف دے نیڑے
ایندے واسطے لگدے ریہے ہن نعرے!
او لعنتی، اوندے ہر چاہݨ والے، وی لعنتی
عین مسجد وچ بپا کریندے ریہے شور
تاں مسیت دے سارے لوک
ڈیکھ تے دنگ تھئے
کجھ حسّاس فقیرانِ درِ مصطفوی
دل وچ کڑھدے ہی ریہے
ہݨ کئی سال دے بعد

ایسا ہی نظّارہ دکھایا ہے
فلک نے ہم کو!
لیکن اس بار ملامت
کی ہے آتش برسی
آج سرکارِ دوعالم کے درِ پاک سے
رحمت نہیں برسی اُس پر
جب وہ نکلا درِ سرکار ﷺ سے باہر
تو اسے
خلق نے چور کہا
یہ مواجہ سے بہت دور ہُوا
اس لیے صوت کی رفعت کی نہی کا
ہرگز
نہیں ہوتا ہے یہاں پر اطلاق!
عین ممکن ہے کہ
ملت کو درِ سرورِ کونین ﷺ
سے پیغام ملا ہو اس سے
کہ درِ مصطفوی پر
کوئی بدبخت
پسندیدۂ ملت نہیں ہوتا ہرگز
اس کو اس مسجدِ آقا ﷺ سے
نکلتے ہی کہا خلق نے
سارق، سارق!
یہ بھی ہوسکتا ہے
اس در سے ہی

اتھّا ہی منظر ڈکھایا ہے
فلک نے اسا کوں
لیکن ایں بار ملامت
دی ہے بارش وسی
اج سرکارِ دوعالم دے درِ پاک کنوں
رحمت نہیں وَسی اُوں تے
جڈاں او نکلتا درِ سرکار کنوں باہر
تاں اونکوں
مخلوق نے چور آکھیا
ایہ مواجہ شریف کنوں بہوں پَرے ہاں
ہئیں واسطے آواز دی بلندی دا
ہرگز
نہیں ہوسگدا اِتھاں منع دا حکم!
عین ممکن ہے کہ
قوم کوں درِ سرورِ کونین ﷺ
کنوں پیغام ملیا ہووے
کہ درِ مصطفوی ﷺ تے
کوئی بدبخت
قوم دا پسندیدہ نہیں ہوندا ہرگز
اینکوں ایں آقا ﷺ دی مسیت کنوں
نکلدے ہی آکھیا مخلوق نے
چور، چور
ایہ وی ہوسگدا ہے
ایں در کنوں ہی

پیغام رسانی کا اِک انداز کہ
یاں!
کوئی بد بخت
اگر آ جائے
اور اندازِ فراعین کو اپناتے ہوئے
فخر کرے
کہ میں اس در پہ بھی مقبول رہا!
تو اسے جلد ہی معلوم یہ ہو جائے
کہ مقہور ہے وہ!
رحمتِ سیدِ کونین ﷺ کی
سرحد سے بہت دور ہے وہ!

﴿☆☆☆﴾

۲۸ رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ: مطابق: ۳۰ اپریل ۲۰۲۲ء

پیغام پُچاوݨ دا ہِک انداز ہووے
اِتھ
کوئی بد بخت
اگر آونجے
تے فرعون دا انداز ڈیکھاوݨ تے
فخر کرے
کہ میں ایں در تے مقبول ریہا!
تاں اینکوں جلد ہی معلوم ایہ تھی ویسے
کہ مقہور ہے اُو
رحمتِ سیّدِ کونین ﷺ دی
سرحد کنوں بہوں دور ہے اُو!

﴿☆☆☆﴾

ریاستِ مدینہ کا خواب!

مدینے کی ریاست جب
بنی تھی ارضِ یثرب میں
تو کی تھی مشرکوں نے
اس پہ بھی یلغار مل جل کر
مسلمانوں نے اُس ہنگام
استقلال دِکھلایا
بڑی تعداد میں لشکر
وہاں کفار لائے تھے
مگر مؤمن بھروسہ کر رہے تھے
ذاتِ باری پر
چناں چہ
آزمائش کچھ دنوں ہوتی رہی
اُن کی
پھر اس کے بعد، تیز آندھی نے
نقشہ ہی بدل ڈالا[1]
ہُوا کفار کا لشکر اس آندھی سے
تہہ و بالا!
وہ سب کچھ چھوڑ کر
میدان سے بھاگے بایں عجلت!
کہ جنگی ساز و ساماں تک
نہ لے کر جا سکے اپنا
مِرے اللہ کی سنت یہی ہے

مدینہ دی ریاست دا خواب

مدینے دی ریاست جڈاں
بݨی ہئی بھوئیں یثرب وچ
تاں کیتی ہئی مشرکیں نے
اُوں تے یلغار، رَل مِل تے
مسلمانیں نے اُوں ہنگام
استقلال ڈِکھلایا
وڈی تعداد وچ لشکر
اُتھاں کفار گھن تے آئے ہن
مگر مؤمن بھروسہ کریندے پے ہن
ذاتِ باری تے
ایویں ہی
آزمائش کجھ ڈیہناں ہوندی رہی
انہاندی
وَل اوندے بعد تیز آندھاری نے
نقشہ ہی بدل چھوڑیا
تھیا کفار دا لشکر اُوں آندھاری کنوں
تہہ و بالا!
او سب کجھ چھوڑ تے
میدان کنوں بھجے ایویں جلدی
جنگی ساز و سامان توڑیں
نہ چا تے ونج سگیے اپݨا
میڈے اللہ دی سنت ایہا ہے

ہر زمانے میں
جہاں بھی نام دینِ اللہ کا لے گا
کوئی انساں
اُسے گھیریں گے سب شیطاں
ہر اِک میدان میں مل جل کے سب

مشکل میں ڈالیں گے
مگر ثابت قدم جب تک رہیں گے
دیں کے پروانے
ضرور ان پر سکینت کا کوئی لمحہ بھی آئے
مخالف حزب کا لشکر
شکستِ فاش کھائے گا
مدینے کی ریاست کا تصور دینے والے کو
ہمیشہ لشکرِ بوجہل روکے گا
مگر......جلدی
اُسے لشکر فرشتوں کا
بہ اِذنِ رب مٹا دے گا
چلے گی ایسی آندھی
لشکرِ حزبِ مخالف پر
کہ وہ سب چھوڑ کر جنگاہ
سے خود بھاگ جائے گا!
ازل سے سنتِ ربِ العلیٰ
جاری ہے دنیا میں
کرے گا استعانت جو طلب

ہر زمانے وچ
جتھاں وی اللہ دے دین داناں گھنسے
کوئی انسان
اونکوں گھیر گھنسن سارے شیطان
ہر ہک میدان وچ رَل مِل تے سب

مشکل وچ سٹیسن
مگر پیر ثابت جڈاں توڑیں رہسن
دین دے پروانے
ضرور انہاں تے سکون دا کوئی لمحہ وی امسے
مخالف گروہ دا لشکر
شکستِ فاش کھمسے
مدینے دی ریاست دا تصور ڈیوݨ والے کوں
ہمیشاں بوجہل دا لشکر روکیسے
مگر............ جلدی
اونکوں لشکر فرشتیں دا
رب دے حکم نال مٹا ڈیسے
گھلسے اَیجھی آندھاری
مخالف گروہ دے لشکر تے
او سب کجھ چھوڑ تے جنگ دی جاہ
کنوں خود ہی بھج ویسے
ازل کنوں رب العلیٰ دی سنت
جاری ہے دنیا اُتے
کریسے مدد جو طلب

اللہ سے ایسے
کہ اس کے دل میں
باطل قوتوں کا ڈر نہیں ہوگا!
مدد اللہ کی حاصل اسے ہو جائے گی
اِک دن!
دِکھائے استقامت جو کوئی
میدانِ ہستی میں
اسے نصرت عطا کرتا ہے
''الفتّاح'' میداں میں
نہ گھبرائے کوئی دیں کا مجاہد
ضعف سے اپنے
کہ قوت صرف ذاتِ ذوالمنن
کی کام آئے گی!
وہی ہے منبعِ قوت!
مِرا رب اپنے بندوں پر
کرے گا وا، درِ نصرت!
مدینے کی ریاست کا خیال آیا ہے
جس کو بھی

اُسے اللہ کی نصرت
ملے گی بالیقیں اِک دن!
وہ اپنی فکر کی تابندگی سے
معتبر ہوگا
مدینے کا جہاں اُس کا ہمیشہ مستقر ہوگا!

اللہ کنوں ایویں
اوندے دل وچ
کوڑیں طاقتیں دا ڈر نہ ہوسے
مدد اللہ دی حاصل اونکوں تھی ویسے
ہک ڈِیہنہ
ڈِیکھاوے استقامت جو کوئی
میدانِ ہستی وچ
اونکوں نصرت عطا کریندا ہے
''الفتّاح'' میدان وچ
نہ گھبراوے کوئی دین دا مجاہد
بڈھیپے کنوں اپݨے
قوت صرف ذاتِ ذوالمنن
دی کم امسے
اوہو ہے منبعِ قوت
میڈا رب اپݨے بندیں تے
کُھلیسے درفتح دا
مدینے دی ریاست دا خیال آیا ہے
جینکوں وی

اونکوں اللہ دی نصرت
ملسے بالیقیں ہک ڈِیہنہ!
او اپݨی فکر دی روشنی کنوں
معتبر ہوسے
مدینے دا جہاں اوندا ہمیشاں شہر ہوسے!

مدینے کی ریاست کا قیام
آسان بھی ہوگا
خطا میدان میں دشمن کا پھر
اوسان بھی ہوگا!
اُسے نقصان بھی ہوگا!
مدینے کی ریاست
اِک حقیقت ہے جو دھرتی پر
بحکمِ رب اُبھر جائے گی
اِک نقشِ حسیں بن کر!

﴿☆☆☆﴾

مدینے دی ریاست دا قیام
آسان وی ہوسے
خطا میدان وچ دشمن دا ول
اوسان وی ہوسے
اوندا نقصان وی ہوسے
مدینے دی ریاست
ہِک حقیقت ہے جو بھوئیں تے
رب دے حکم نال اُبھر ویسے
ہِک نقشِ حسیں بݨ تے!

﴿☆☆☆﴾

منگل: ۸؍شوال المکرّم ۱۴۴۳ھ مطابق: ۱۰؍مئی ۲۰۲۲ء

ا؎ غزوہ ءندق: 5 ہجری، ماہِ شوال

قطعہ

قرآن ہے کتاب، عمل اُسوۂ نبیﷺ
انساں کی مشکلات کا حل اُسوۂ نبیﷺ
قرآں کی روشنی میں عمل کس طرح سے ہو
اس کا جواب صرف اَٹل، اُسوۂ نبیﷺ

دُعائیہ قطعہ

میرے اللہ ! گناہوں کے مرض سے ہو شِفا
ہو پذیرا تری سرکار میں بیمار کی بات
تیری رحمت ہے مرے جرم و معاصی سے فزوں
سن ہی لے ! ایک خطا کار و گنہگار کی بات

قطعہ

صد رشکِ کائنات محمدﷺ کی ذات ہے
سرمایۂ حیات محمدﷺ کی ذات ہے
جس کے طفیل بزمِ دو عالم سجی عزیزؔ
بے شک وہ ایک ذات محمدﷺ کی ذات ہے

﴿☆☆☆﴾

قطعہ

قرآن ہے کتاب ، عمل اُسوۂ نبی ﷺ
انساں دی مشکلات دا حل اُسوۂ نبی ﷺ
قرآں دی روشنی وچ عمل کیویں کروں اساں
اینداجواب صرف اَٹل ، اُسوۂ نبی ﷺ

دعائیہ قطعہ

میڈے اللہ ! گناہیں دے مرض کنوں ہووے شفا
ہووے مقبول تیڈی سرکار وچ میں بیمار دی گالھ
تیڈی رحمت ہے میڈے جرم و گناہیں کنوں ودھ
سݨ ہی گھن ! میں ہک خطا کار و گنہگار دی گالھ

قطعہ

صد رئیسِ کائنات محمد ﷺ دی ذات ہے
سرمایۂ حیات محمد ﷺ دی ذات ہے
جیندے طفیل بزمِ ڈو عالم سجی عزیزؔ
بے شک اُو ہک ہی ذات محمدﷺ دی ذات ہے

﴿☆☆☆﴾

فرہادؔ فریدی کی دو نعتیں سرائیکی ترجمہ کے ساتھ

نعت شریف ﷺ

آپ ﷺ کی آمد سے پہلے آشنا کوئی نہ تھا
کون خالق ہے ہمارا جانتا کوئی نہ تھا

ظلم تھے اتنے کہ جن کی انتہا کوئی نہ تھی
کیا غلاموں کیا ہے حق اس کا پتہ کوئی نہ تھا

آپ ﷺ نے بخشا ہے عورت کو بھی عزّت کا مقام
اس سے پہلے احتراماً دیکھتا کوئی نہ تھا

نورِ حق ظلمت کے پردوں میں نہاں تھا اس قدر
جھوٹ ہی کا راج تھا یاں حق نوا کوئی نہ تھا

نعت لکھنے سے مجھے عزّت ملی ، شہرت ملی
بے نوا فرہادؔ کو تُو جانتا کوئی نہ تھا

نعت شریف ﷺ

آپ ﷺ دی آمد توں پہلے آشنا کوئی نہ ہا
کون خالق ہے اساڈا جاݨدا کوئی نہ ہا

ظلم ہَن اِتلے کہ جن دی انتہا کوئی نہ ہئی
کیا غلامیں دا ہے حق ایندا پتا کوئی نہ ہا

آپ ﷺ نے بخشا ہے عورت کوں وی عزت دا مقام
ہِیں کنوں پہلے احتراماً ڈیکھدا کوئی نہ ہا

نورِ حق ظلمت دے پردیں وچ لُکیا ہا اِتلا سئیں
کوڑ ہی دا راڄ ہا اِتھ حق نوا کوئی نہ ہا

نعت لکھی تاں میکوں عزّت ملی شہرت ملی
بے نوا فرہادؔ کوں تاں جاݨدا کوئی نہ ہا

نعت شریف ﷺ

جو آپ ﷺ کی سیرت پہ چلے، روحِ دو عالم ﷺ
وہ چین سے پھر کیوں نہ رہے، روحِ دو عالم ﷺ

کردار کی خوبی، کہ رسالت جو نہ مانے
وہ شخص امیں تجھ کو کہے، روحِ دو عالم ﷺ

اعجازِ تلاوت کا یہ دشمن پہ اثر ہے
قرآن ترا چھپ کے سنے، روحِ دو عالم ﷺ

پروانہ شفاعت کا سرِ حشر جو دلوائے
وہ نعت قلم میرا لکھے، روحِ دو عالم ﷺ

لولاک کی تنویر سے روشن ہیں زمانے
عالم میں فقط آپ ﷺ ہوئے، روحِ دو عالم ﷺ

فرہاد کی بس ایک تمنائے دلی ہے
یہ آپ ﷺ کے قدموں میں مٹے، روحِ دو عالم ﷺ

نعت شریف ﷺ

جو آپ ﷺ دی سیرت تے ٹُرپے، روحِ ڈو عالم
بے اُلکا تھی تے کیوں نہ رَہے، روحِ ڈو عالم

کردار دی خوبی، کہ رسالت جو نہ منّے
اُو بندہ امیں تیکوں آکھیے، روحِ ڈو عالم

اعجازِ تلاوت دا یہ دشمن تے اثر ہے
قرآن تیڈا لُک تے سُنڑیے، روحِ ڈو عالم

پروانہ شفاعت دا جو ڈیہنہ حشر گھنا ڈیوے
اُو نعت قلم میڈا لکھے، روحِ ڈو عالم

لولاک دی لاٹیں کنوں سوجھل زمانے ہَن
عالم وچ فقط آپ ﷺ بنڑیے روحِ ڈو عالم

فرھاد دی بس ہِک ہی تمنائے دلی ہے
ایہ آپ ﷺ دے پیریں وچ مٹے روحِ ڈو عالم

نعت ریسرچ سینٹر کی مطبوعات

1- اُردو حمد و نعت پر فارسی شعری روایت کا اثر — ڈاکٹر عاصی کرنالی — 600/-
2- اردو نعت کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ — رشید وارثی — 350/-
3- نعت میں کیسے کہوں (تنقید) — پروفیسر محمد اقبال جاوید — 200/-
4- غالب اور ثنائے خواجہ (تنقید) — صبیح رحمانی — 200/-
5- نعت کی تخلیقی سچائیاں (تنقید) — ڈاکٹر عزیز احسن — 150/-
6- ہنر نازک ہے (تنقید) — ڈاکٹر عزیز احسن — 150/-
7- اردو نعت اور جدید اسالیب (تنقید) — ڈاکٹر عزیز احسن — 120/-
8- نعت نگر کا باسی (تنقید) — صبیح رحمانی — 150/-
9- جادۂ رحمت کا مسافر (تنقید) — ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی — 80/-
10- بہشت تضامین (شعری مجموعہ) — حافظ عبدالغفار حافظ — 250/-
11- خیر البشر (میلاد نامہ) — نور بانو مجوب — 200/-
12- نعت اور تنقیدِ نعت (تنقید) — ڈاکٹر ابوالخیر کشفی — 300/-
13- فنِا داریہن ویس یا ور "نعت رنگ" (تنقید) — ڈاکٹر افضال احمد انور — 200/-
14- "نعت رنگ" اہلِ علم کی نظر میں (مضامین) — ڈاکٹر شبیر احمد قادری — 300/-
15- فہرست کتبِ خانہ نعت ریسرچ سینٹر (کتابیات) — محمد طاہر قریشی — 300/-
16- زبورِ حرم (کلیاتِ نعت) — اقبال عظیم — 450/-
17- شہہ لولاک (شعری مجموعہ) — امان خاندل — 150/-
18- جادۂ رحمت (انگریزی مجموعہ) — جسٹس منیر مغل — 200/-
19- اشاریہ "نعت رنگ" (بیس شمارے) — ڈاکٹر سہیل شفیق — 300/-
20- سرکار کے قدموں میں (انگریزی ترجمہ) — سارہ کاظمی — 500/-
21- شہپر توفیق (شعری مجموعہ) — ڈاکٹر عزیز احسن — 200/-
22- قوسین (شعری مجموعہ) — آفتاب کریمی — 200/-
23- نزول (شعری مجموعہ) — شفیق الدین شارق — 100/-
24- آنکھ بنی کشکول (شعری مجموعہ) — آفتاب کریمی — 100/-
25- آپ (شعری مجموعہ) — حنیف اسعدی — 150/-
26- کرم و نجات کا سلسلہ (شعری مجموعہ) — ڈاکٹر عزیز احسن — 150/-
27- نعت اور سلام (شعری مجموعہ) — وحید نسیم — 20/-
28- ممدوحِ خلائق (شعری مجموعہ) — آفتاب کریمی — 200/-
29- مرقع چہل حدیث (مجموعۂ احادیث) — پروفیسر محمد اقبال جاوید — 300/-
30- نعتیہ ادب کے تنقیدی نقوش (تنقید) — پروفیسر محمد اکرم رضا — 250/-
31- نعت کے تنقیدی آفاق (تنقید) — ڈاکٹر عزیز احسن — 150/-
32- مثنوی رموزِ بیخودی کا فنی و فکری جائزہ (اقبالیات) — ڈاکٹر عزیز احسن — 200/-

33 - اُمیدِ طیبہ رسی (شعری مجموعہ) ڈاکٹر عزیز احسن 150/-
34 - نعت شناسی (تنقید) ڈاکٹر ابوالخیر کشفی 300/-
35 - اردو نعتیہ ادب کے انتقادی سرمائے کا تحقیق مطالعہ (تحقیقی مقالہ) ڈاکٹر عزیز احسن 700/-
36 - پاکستان میں اُردو نعت کا ادبی سفر (تنقید) ڈاکٹر عزیز احسن 300/-
37 - نعت نامے بنام صبیح رحمانی (مجموعہ مکاتیب) ڈاکٹر محمد سہیل شفیق 1000/-
38 - نعتیہ ادب کے تنقیدی زاویے (تنقید) ڈاکٹر عزیز احسن 350/-
39 - تعلقب الرسول کے تقاضے اور ہم (سیرت) ڈاکٹر عزیز احسن 52/-
40 - دل جس سے زندہ ہے (نعتیہ تب و تاب) (ظفر علی خان) ڈاکٹر محمد اقبال جاوید 100/-
41- نعت رنگ کے پچیس شمارے (ایک اجمالی تعارف) ڈاکٹر شہزاد احمد 50/-
42- وفیات نعت گویانِ پاکستان ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ 200/-
43 - ڈاکٹر عزیز احسن اور مطالعات حمد و نعت صبیح رحمانی 400/-
44 - اُصول نعت گوئی حلیم حاذق 200/-
45 - نعت اور جدید تنقیدی رُجحانات کاشف عرفان 400/-
46 - زمزمہ سلام سیما منیر ہدیۂ دُعا
47 - مدحت نامہ صبیح رحمانی 600/-
48 - کراچی کا دبستانِ نعت (تذکرہ) منظر عارفی 1000/-
49 - مناقب امام حسینؑ اور شعراء کراچی منظر عارفی 500/-
50 - کلام رضا فکری و فنی زاویے صبیح رحمانی 500/-
51 - عطر خیال (نعتیہ مجموعہ) شبنم رومانی 200/-
52- یہ روح مدینے والی ہے رئیس احمد 250/-
53- پاکستانی زبانوں میں نعت صبیح رحمانی 500/-
54- کلیات عزیز احسن صبیح رحمانی 900/-
55 - نعتیہ شاعری کے فروغ میں "نعت رنگ" کی خدمات حلیمہ سعدیہ منگلوری 500/-
56 - اُردو شاعری میں نعت (ابتدا سے محسن کاکوروی تک) ڈاکٹر محمد اسمٰعیل آزاد فتحپوری 500/-
57 - اُردو شاعری میں نعت (حالی سے حال تک) ڈاکٹر محمد اسمٰعیل آزاد فتحپوری 500/-
58 - حمد و نعت کے معنیاتی زاویے ڈاکٹر عزیز احسن 400/-
59 - تحمید و تحسین (حمدیہ اور نعتیہ مضامین) پروفیسر محمد اقبال جاوید 500/-
60 - مناقب خلفائے راشدین اور شعرائے کراچی منظر عارفی 800/-
61 - نعتیہ شاعری کے شرعی تقاضے ڈاکٹر عزیز احسن 250/-
62 - تحسین رسالت (تنقیدی مضامین) پروفیسر محمد اقبال جاوید 2000/-
63 - خوشبو کا سفر (نعتیہ مجموعہ) محمد احمد اریب 100/-
64 - نعتیہ ادب: مسائل و مباحث (خطوط کا تجزیاتی مطالعہ) ڈاکٹر ابرار عبدالسلام 700/-
65 - ہماری ملّی شاعری میں نعتیہ عناصر (تحقیقی مقالہ) ڈاکٹر محمد طاہر قریشی 900/-
66 - ثنا کی نکہتیں (مجموعہ نعت برزمین غالب) سید محمد نور الحسن نور نوابی عزیزی 300/-
67 - افسر ماہ پوری کی نعت شناسی ڈاکٹر شمع افروز 300/-

نمبر	نام کتاب	نوعیت	مصنف	قیمت
68 -	کشفیہ	(مجموعہ نعت)	سلیم شہزاد	300/-
69 -	پاکستانی اُردو غزل میں حمدیہ و نعتیہ عناصر	(تنقید)	محمد کاشف ضیاء	300/-
70 -	صبیح رحمانی کی نعتیہ شاعری	(فکری و تنقیدی تناظر)	ڈاکٹر شمع افروز	700/-
71 -	حمدیہ شاعری کی متنی وسعتیں	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	600/-
72-	اُردو کا حمدیہ ادب۔اجمالی مطالعہ	(تحقیق)	صبیح رحمانی	200/-
73-	انتخاب نعت	(موضوعات کے اعتبار سے)	پروفیسر محمد اقبال جاوید	2000/-
74-	حرا کی خوشبو	(مجموعہ نعت)	انجم نیازی	500/-
75-	ریاض حمد و نعت	(تین مجموعہ نعت)	ریاض حسین چودھری	500/-
76-	تقدیسی ادب کا فکری تناظر	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	700/-
77 -	نعت نگاری :فنیو تاریخی تناظر	(تنقید)	قاضی اسد ثنائی	800/-
78 -	مخزنِ نعت	(انتخابِ نعت)	پروفیسر محمد اقبال جاوید	600/-
79-	ناعت فرخندہ بخت	(تنقید)	علی صابر رضوی	500/-
80-	ثنانژاد	(نعتیہ مجموعہ)	جنید ندیم سیٹھی	500/-
81 -	نصابِ غلامی	(نعتیہ مجموعہ)	ریاض حسین چودھری	700/-
82 -	وردِ مسلسل	(نعتیہ مجموعہ)	ریاض حسین چودھری	800/-
83 -	کلیات نعت	(نعتیہ مجموعہ)	عبدالعزیز دباغ	800/-
84 -	روشنی یا نبی	(نعتیہ مجموعہ)	ریاض حسین چودھری	900/-
85 -	اُردو نعت میں تعظیمی بیانیہ	(تنقید)	طارق ہاشمی	600/-
86 -	ریاض حسین چودھری کی نعت نگار	(تنقید)	شیخ عبدالعزیز دباغ	600/-
87 -	اُردو میں معراج نامے	(تاریخ و تجزیہ)	ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط	700/-
88-	Excellence of Naat		Dr. Aziz Ahsan	900/-
89 -	عہدِ رسالت میں نعت	(تحقیق و تجزیہ)	ڈاکٹر ارشاد شاکر اعوان	800/-
90-	دبستان قلم کے نعت نگار	(تحقیق)	اکرم کنجاہی	600/-
91-	تنقیدِ نعت : نیا تناظر نئی تفہیم	(تحقیق و تنقید)	ڈاکٹر ابرار عبدالسلام	1400/-
92-	عقیدت کے پھول	(نعتیہ مجموعہ)	شکیل فاروقی	600/-
93-	نعت نامے	(مجموعہ خطوط)	ڈاکٹر سہیل شفیق	5000/-
94-	اردو شاعری میں واقعہ معراج	(تحقیق و تجزیہ)	ڈاکٹر طاہرہ انعام	900/-
95-	اردو نعت اور چند ادبی تحریکیں	(تحقیق و تجزیہ)	ڈاکٹر طاہرہ انعام	800/-
96-	نعت کی تنقیدی و تحقیقی جہات	(دبستان نعت سے انتخاب)	ڈاکٹر سراج احمد قادری	600/-
97-	نعت کے تخلیقی زاویے	(تنقید)	ریاض حسین چودھری	800/-
98-	دُرجنعت	(تحقیق و تنقید)	ڈاکٹر راہی فدائی	800/-
99-	بہارِ قبول		سید حامد یزدانی	400/-

Eulogized Poetry synthesized before the birth of the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم) in Arabic and afterward in other languages such as Persian, Urdu and English cannot be thoroughly taken into account . Citation of some poetic expressions of some poets and dignitaries of time is however presented hereunder:

KING OF YEMEN:

A king of Yemen of Sultanate Himyar named As'ad Abu Karab (385 - 420 AD) showed his love and affection for the Messenger of Allah (صلی اللہ علیہ وسلم) in a beautiful manner. He wrote:

وَاَحمَدٌ اِسمُہٗ یَا لَیتَ اَنِی

اُعَمَرَ وَبَعدَ مَبعَثِہٖ بِعَامٍ

(ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم ،جلد اول ص272)

"The holy name of the Prophet is Ahmad (صلی اللہ علیہ وسلم); would that my life favour, I may live only one year after he (صلی اللہ علیہ وسلم) is honoured by with the prophet-Hood".[1]

[1] (Zia-Un-Nabi, Vol.1, page 214)

عالمی ادب کے تراجم میں بعض نعتیہ متون بھی بہت مقبول رہے ہیں اور دنیا کی مختلف زبانوں میں ان کا ترجمہ کیا گیا۔ ان کلاسیکی نمونہ ہائے کلام کی مقبولیت ہی اس لسانی تقلیب کا محرک رہی ہے لیکن فی زمانہ اہلِ ہنر کئی پہلوؤں سے نعت کے تراجم کی ضرورت اور اہمیت کو محسوس کر رہے ہیں۔ یہ شعور فروغ پذیر ہے کہ وسعتِ نعت کے لیے ترجمے کی مستحکم روایت در کار ہے۔ فرہاؔد فریدی نے اس سعیِ جمیل میں شمولیت کے لیے معاصر نعت گوئی کا ایک اہم نام منتخب کیا ہے۔ ڈاکٹر عزیز احسن کا تنقیدی شعور جس علم و آگہی اور اخلاص سے متصف ہے ان کی شاعری بھی اس کی عکاس ہے۔ جو نظمیں ترجمے کے لیے منتخب کی گئیں یہ نعت گوئی کے ایسے فکری و فنی زاویے رکھتی ہیں جن کا دائرہء ابلاغ بڑھا کر مترجم نے ایک کارِ خیر سرانجام دیا ہے۔ فرہاؔد فریدی صاحب کے سرائیکی ترجمے کی ادبی سطح کا تعین سرائیکی کے ماہرین کا کام ہے۔ میں یہاں اپنے چند خیالات کو دہراتا ہوں کہ مختلف بولیوں زبانوں اور لہجوں کا تنوع ایک تاریخی حقیقت ہے ان سب زبانوں کا ابلاغی دائرہ سماجی ضروریات سے لے کر فکر و نظر کے اظہار تک ہے۔ وطنِ عزیز کی سب زبانوں کا زندہ اور تخلیقی ربط وضبط ہماری قومی و تہذیبی زندگی کی شیرازہ بندی اور توانائی کے ضمن میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ یعنی قومی وحدت کی تشکیل بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ہماری تخلیقی و تعمیری قوتوں کے لیے جہت نمائی کا فریضہ بھی انجام دے سکتا ہے یہ وہی جہت ہے جو ہماری قومی وحدت، ملی یگانگت اور تہذیبی استحکام کی منزل کو جاتی ہے۔ فرہاؔد فریدی صاحب کی یہ تصنیف زبان دانی اور شعر پروری کا ادعا نہیں بلکہ خدمتِ نعت کا شرف ہے، جس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

صبیح رحمانی

تمغۂ امتیاز، مدیرِ نعت رنگ وبانی نعت ریسرچ سینٹر، کراچی

برادر محترم جناب عزیز احسن ایک نغز گو شاعر ہیں۔ نعت گوئی ان کا اثاثہء کل ہے۔ اسلام آباد قیام کے دوران جس جانفشانی اور استغراق فکر و نظر سے انہوں نے اپنی نعت گوئی کو پروان چڑھایا وہ صرف انہی کا دانش ورانہ حصہ قرار پایا ہے ان کا زیر نظر نعتیہ مجموعہ (سرائیکی منظوم ترجمہ) طلوعِ سحر جسے فرہاد فریدی نے سرائیکی قالب میں نہایت مستعدی سے ڈھالا ہے۔ اس مستحسن کاوش سے سرائیکی وسیب کے لیے ایک سنہری موقع فراہم ہوا ہے کہ وہ جناب عزیز احسن جیسے قادر الکلام شاعر کے نعتیہ رشحات قلم سے روشناس ہو پائیں گے۔ کیا ہے کہ جناب فرہاد فریدی کی یہ بے مثال تگ و تازجہاں اردو ادب کے نعتیہ اثاثے کو ایک نئی جہتِ ابلاغ دے گی وہاں سرائیکی نعتیہ ادب میں بھی خاطر خواہ اضافے کا سبب بنے گی۔ طلوع سحر میں فرہاد فریدی نے جناب عزیز احسن کی آزاد نعتیہ نظموں کو سرائیکی ترجمہ کے لیے منتخب کیا ہے۔ اس سادہ اور سلیس ترجمہ کا سب سے خوبصورت پہلو یہ ہے کہ یہ اردو دان قارئین کے لیے بھی قابل فہم ہو گی۔ یہ امر قابل تحسین ہے کہ کلام حد درجہ صاحب درد کا اور اسے سرائیکی میں منقلب کرنے والا طالبِ علمِ نعت جس کے عرق ریز شب وروز نے وہ شاندار کام سرانجام دیا ہے جسے سرائیکی رہتل میں نہ صرف نہایت گرم جوشی سے خوش آمدید کہا جائے گا بلکہ اردو ادب کے وسیع حلقوں میں بھی اسے تحسین کی نظر سے دیکھا جائے گا۔ مری دعا ہے کہ طلوعِ سحر قبول عام کی سند افتخار حاصل کرے۔ آمین

وفا چشتی (اسلام آباد 3 جولائی 2024)

دنیا میں ترقی یافتہ زبانوں کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ان زبانوں کی نشو ونما کے مختلف مراحل میں دوسری زبانوں کے اثر کا بھی بڑا دخل رہا ہے۔ اکثر زبانوں کا سرمایۂ علم و دانش دوسری زبانوں سے ہی حاصل کردہ ہے۔ شاید زبانوں کی وسعت اور ترقی کا راز اسی میں مضمر ہے۔ اس ضمن میں ترجمہ نگاری ایک ایسا وسیلہ ہے جس کے ذریعے ایک زبان کا سرمایہ دوسری زبان میں منتقل کیا جاتا ہے جو اِس زبان کی وسعت میں اِضافہ کرتا ہے، نیز دوسری زبان کی اہمیت کو مسلّم کرتا ہے۔

فرہاؔد فریدی کی یہ کتاب ”طلوعِ سَحر“ بھی ڈاکٹر عزیز احسنؔ کی نعتیہ آزاد نظموں کا سرائیکی ترجمہ ہے۔ عزیز احسنؔ کی ہمہ جہت شخصیت نعتیہ ادب میں کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ نعت اور تنقیدِ نعت کے حوالے سے آپ کا نام سند کا درجہ رکھتا ہے۔ فرہاؔد فریدی نے ترجمے کے لیے جن نعتیہ نظموں کا انتخاب کیا ہے وہ موضوعاتی وسعت اور معنویت کے لحاظ سے ایک منفرد اسلوب کی حامل ہیں جو سرائیکی ادب کی موضوعاتی وسعت میں اِضافے کا سبب بنیں گی۔ فرہاؔد فریدی جو شعبۂ اُردو جامعہ کراچی میں ادب کے طالب علم ہیں نہ صرف ادب سے اچھا شغف رکھتے ہیں بلکہ سرائیکی اور اُردو میں شاعری بھی کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اُنھوں نے نظموں کا منظوم ترجمہ کیا ہے۔ یہ کتاب اس بات کی غماز ہے کہ وہ ادب کی محبت اپنے عمل سے بھی ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ تقدیسی ادب میں اس کتاب کی اہمیت اور مقام کا تعین وقت کرے گا لیکن یہ سچ ہے کہ یہ کتاب دو زبانوں سے محبت کا حق ضرور ادا کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف اور مترجم کی توفیقات میں اِضافہ فرمائے۔ آمین

ڈاکٹر صدف تبسمؔ (شعبۂ اُردو، جامعہ کراچی)

شاعر فرہاد فریدی کی کتاب طلوعِ سحر جو کہ ڈاکٹر عزیز احسن صاحب کی شاعری کا سرائیکی ترجمہ ہے۔ سرائیکی شعر و ادب کی دنیا میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کا ایک افادی پہلو یہ بھی ہے کہ ڈاکٹر عزیز احسن صاحب جن کا نام تقدیسی ادب میں کسی تعارف کا محتاج نہیں ان کی شاعری کا سرائیکی زبان میں منظوم ترجمہ سرائیکی بولنے والوں کو بھی ان کی قابلیت سے آشنائی کا موقع فراہم کرے گا۔ ڈاکٹر صاحب کی نظموں کی خصوصیت یہ ہے کہ نعتیہ شاعری میں انہوں نے مبالغہ آرائی سے گریز کرتے ہوئے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے مختلف پہلوؤں کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا ہے۔ فرہاد فریدی اس لحاظ سے خوش نصیب ہیں کہ انہیں نہ صرف ڈاکٹر صاحب کی شاگردی میں رہنے اور ان سے سیکھنے کا موقع ملا بلکہ ان کی شاعری کو سرائیکی میں ترجمہ کر کے صاحب کتاب ہونے کا موقع بھی ملا۔ ڈاکٹر صاحب اس لحاظ سے بھی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ اس کتاب کی طباعت سے ان کی مقبولیت میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ اردو میں نعتیہ شاعری کا اہم نام ہونے کے ساتھ ساتھ سرائیکی ادب میں بھی ان کی یکساں پزیرائی کی جائے گی فرہاد فریدی کی یہ کتاب سرائیکی ادب کے ضمن میں اہم کاوش سمجھی جاسکتی ہے۔

سیدہ لبنیٰ بینش

شعبہ اردو (جامعہ کراچی)

ISBN: 978-969-8918-91-0